# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

*Thursday December 22, 1988*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at 5.30 of the clock in the evening, with Mr. Acting Chairman (Syed Muhammad Fazal Agha) in the Chair.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

إن ربكم الله الذي خلق السموات والأرض في ستة أيام
ثم استوى على العرش يغشي الليل النهار يطلبه حثيثا
والشمس والقمر والنجوم مسخرات بأمره ألا له الخلق
والأمر تبارك الله رب العلمين ﴿٥٤﴾ ادعوا ربكم تضرعا
وخفية إنه لا يحب المعتدين ﴿٥٥﴾

(سورۃ الاعراف)

ترجمہ: کچھ شک نہیں کہ تمہارا پروردگار خدا ہی ہے جس نے آسمان اور زمین
کو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر جا ٹھہرا وہی رات کو دن کا لباس پہناتا ہے
کہ وہ اس کے پیچھے دوڑتا چلا آتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند اور ستاروں
کو پیدا کیا سب اس کے حکم کے مطابق کام میں لگے ہوئے ہیں۔ دیکھو سب مخلوق
بھی اسی کی ہے اور حکم بھی اس کا ہے یہ خدائے رب العالمین بڑی برکت والا ہے ﴿۵۴﴾
(لوگو) اپنے پروردگار سے عاجزی سے اور چپکے چپکے دعائیں مانگا کرو وہ حد سے
بڑھنے والوں کو دوست نہیں رکھتا ﴿۵۵﴾

# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

*Thursday December 22, 1988*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at 5.30 of the clock in the evening, with Mr. Acting Chairman (Syed Muhammad Fazal Agha) in the Chair.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

إِنَّ رَبَّكُمُ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ
ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي اللَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهُ حَثِيثًا
وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومَ مُسَخَّرٰتٍ بِأَمْرِهِ ۗ أَلَا لَهُ الْخَلْقُ
وَالْأَمْرُ ۗ تَبٰرَكَ اللَّهُ رَبُّ الْعٰلَمِينَ ﴿٥٤﴾ ادْعُوا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا
وَخُفْيَةً ۚ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ ﴿٥٥﴾

(سورۃ الاعراف)

ترجمہ : کچھ شک نہیں کہ تمہارا پروردگار خدا ہی ہے جس نے آسمان اور زمین
کو چھ دن میں پیدا کیا پھر عرش پر جا ٹھہرا وہی رات کو دن کا لباس پہناتا ہے
کہ وہ اس کے پیچھے دوڑتا چلا آتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند اور ستاروں
کو پیدا کیا سب اس کے حکم کے مطابق کام میں لگے ہوئے ہیں ۔ دیکھو سب مخلوق
بھی اسی کی ہے اور حکم بھی اس کا ہے یہ خدائے رب العالمین بڑی برکت والا ہے ﴿۵۴﴾
(لوگو) اپنے پروردگار سے عاجزی سے اور چپکے چپکے دعائیں مانگا کرو وہ حد سے
بڑھنے والوں کو دوست نہیں رکھتا ﴿۵۵﴾

Mr. Ahmedmian Soomro: Point of Order.

Sir, I would draw your attention to a breach of the Rules of Procedure 9 and 11 read with Article 60 of the Constitution. Sir, under these Rules the first thing that should have been done was to have the election of the Chairman and, therefore, this session is contrary to that. The first item should have been to fill in the office of the Chairman and then any other business could have been transacted. In this context, I would read Rule 9.

جناب قائم مقام چیئرمین: سومرو صاحب! آپ تشریف رکھیں، میں آپ کو موقع دیتا ہوں ابھی تو میں نے بسم اللہ ہی نہیں پڑھی، میں نے آپ کا پوائنٹ نوٹ کر لیا ہے

## PANEL OF PRESIDING OFFICERS

جناب قائم مقام چیئرمین: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

In pursuance of sub-rule (1) of Rule 14 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 1988, I nominate the following members in order of precedence to form a panel of Presiding Officer for the December 1988 Session of the Senate of Pakistan:

1. Malik Muhammad Ali Khan
2. Khan Mir Afzal Khan
3. Mr. Hussain Baksh Bungalzai

## LEAVE OF ABSENCE

جناب قائم مقام چیئرمین: جناب غلام فاروق خان صاحب نے ناسازیٔ طبع کی بنا پر ۲۲ دسمبر کے لئے اس ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے آپ ان کی یہ درخواست منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائم مقام چیئرمین: خواجہ محمد حمید الدین صاحب نے چند ذاتی مصروفیات کی بنا پر ۲۲ سے ۲۴

دسمبر تک رخصت کی درخواست کی ہے کیا ایوان ان کی یہ درخواست منظور فرماتے ہیں

(رخصت منظور کی گئی)

جناب قائمقام چیئرمین : سومرو صاحب آپ نے جو پوائنٹ آف آرڈر raise کیا ہے اس میں لکھا ہوا ہے کہ 'as soon as possible' تو ہم نے کوشش یہی کی ہے کہ آج سینیٹ کے سب ساتھیوں کی رائے لیں -------

Mr. Ahmedmian Soomro: Sir, may I elaborate my point before you give your ruling on this. I would draw your attention to Rule 9 of the Rules of Procedure which says:

> "9.(1) At the first meeting of the Senate, after the members have taken oath and to the exclusion of any other business including privilege and adjournment motions, the Senate shall proceed to elect from amongst its members a Chairman, and so often as the Office of the Chairman becomes vacant the Senate shall elect another member as its Chairman, in accordance with the rule".

That means this would be relevant here also. To the exclusion of any other business when the office of Chairman is vacant you would first fill in that office. Then in Rule 11(b) it is said.

> "11 (b) if the Senate is not in session, as soon as possible, after the commencement of its next session".

So, Sir, it is 'as soon as possible'. Was it not possible today? Was not it possible first to hold the Chairman's election and then proceed with other business of the House? Therefore, it is not impossible. It should have been the first item in accordance with Rule 9 which I quoted read with Rule 11.

جناب قائمقام چیئرمین: سومرو صاحب ! میں وہی عرض کروں گا کہ اس میں لکھا ہوا تھا کہ 'as soon as possible' تو یہ آج پہلی requisite meeting تھی اور ہم کو دوبارہ جب میٹ کر رہے ہیں تو اس میں پہلا بزنس یہی ہے اور کوئی بزنس نہیں ہے۔

جناب احمد میاں سومرو: requisitioned تو whole session ہے۔

Mr. Ahmedmian Soomro: The election has been fixed for 24th December. That I know. But if you say this is a requisitioned session then the whole session is requisitioned.

Mr. Acting Chairman: That is right.

Mr. Ahmedmian Soomro: Therefore, it does not mean that the Chairman's election cannot be held. If it is to be held then it is supposed to be the first item.

Mr. Acting Chairman: But it is not restricted to the first day. It says, 'as soon as possible'. I think the second sitting is not too late. This is no point of order. Thank you.

## PRIVILEGE MOTIONS

جناب شاد محمد خان: پوائنٹ آف آرڈر، جناب والا! کیا وجہ ہے کہ آج وقفہ سوالات نہیں ہے۔

جناب قائمقام چیئرمین: شاد محمد خان صاحب یہ requisitioned session ہے۔ سوالات کیلئے thirteen days notice درکار ہوتا ہے جو اس سیشن میں نہیں دیا گیا۔ یہ چونکہ requisitioned session ہے اس لئے آج اس میں وقفہ سوالات نہیں ہوگا۔ مختلف تحاریک استحقاق ہیں مگر ایک تحریک استحقاق ایسی ہے جس میں کوئی پانچ معزز اراکین نے move کیا ہے۔ موشن نمبر ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۴، جس میں پروفیسر خورشید احمد صاحب ہیں، ڈاکٹر نور جہاں صاحبہ ہیں، قاضی عبداللطیف صاحب ہیں، احمد میاں سومرو صاحب ہیں مولانا سمیع الحق صاحب ہیں آج یہ تحریک استحقاق آپ لوگ پیش کرنا چاہتے ہیں تو پیش کر دیں۔ پروفیسر خورشید احمد صاحب۔

جناب جاوید جبار: out of sequence لے رہے ہیں؟

جناب قائمقام چیئرمین: جاوید جبار صاحب دو موشنز بیک وقت نہیں لے سکتے، پروفیسر صاحب کی بھی دو ہیں، ڈاکٹر صاحب کی بھی دو ہیں۔

## (i) RE: ARBITRARY ORDER OF THE GOVERNOR OF BALUCHISTAN REGARDING DISSOLUTION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY

**Prof. Khurshid Ahmed:** I seek the leave of the House to move that the privilege of the Senate has been violated by the arbitrary dissolution this morning of the Provincial Assembly of Baluchistan, which was elected only three weeks back and whose members had participated in the Presidential election on 12th December, 1988. This action of the Governor of Baluchistan is a blow to the nascent democratic process and a set-back for the growth of federal democracy in Pakistan.

I, therefore, beg to move that the Senate may discuss forthwith this violation of its privilege and take necessary steps to protect the democratic institutions established under the Constitution.

Mr. Acting Chairman. Thank you. Dr. Noor Jehan Panezai.

Dr. Noor Jehan Panezai: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم I beg to move a privilege motion on the ground that the Governor of Baluchistan had unconstitutionally, illegally and without valid reasons dissolved the Baluchistan Assembly on the advice of the Chief Minister of Baluchistan against whom a 'vote of no confidence' was being tabled on the following day. The action of the Baluchistan Governor was against all propriety and legal validity and was done with the sole purpose of saving the Chief Minister from being disgracefully removed from his office which he had manoeuvred to caputre by contrivance and illegal methods. This action has hurt my privilege and the privilege of the House which is the custodian of the Constitution and the rights of the Provinces being a representative House of all the federating units. I, therefore, request that this privilege motion may be admitted and referred to the Privileges Committee for consideration. Thank you.

جناب قائمقام چیئرمین: شکریہ، قاضی عبداللطیف صاحب۔ تشریف نہیں رکھتے۔ احمد میاں سومرو صاحب۔

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** Sir, I ask of leave of the House to

[Mr. Ahmedmian Soomro]

move the following privilege motion, in respect of a breach of privilege of the Senate.

This House do discuss the question of dissolution of the Provincial Assembly of Baluchistan and the situation arising there from particularly with reference to the breach of the Constitution and consequently the breach of privilege of the Senate. The dissolution has caused great resentment in the public.

جناب قائمقام چیئرمین :۔ مولانا سمیع الحق صاحب آپ بھی پڑھ دیں ۔

مولانا سمیع الحق :۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ ایوان کے استحقاق سے متعلق ذیل معاملہ زیر غور لایا جائے ۔ گورنر بلوچستان نے بلوچستان صوبائی اسمبلی توڑ کر جمہوریت پر کاری ضرب لگائی ہے جبکہ ملک کے مقتدر ایوان کی یہ ذمہ داری ہے کہ قانون ساز اداروں اور جمہوری اداروں کے تحفظ کا پورا خیال رکھیں اس امر سے سینیٹ کا استحقاق بھی مجروح ہوگیا ہے اس طرح کے من مانی اور غیر جمہوری اقدام سے سینیٹ کو بھی خطرہ لاحق ہوگیا ہے اس لئے یہ ایوان اس مسئلے کو زیر غور لائے ۔

جناب قائمقام چیئرمین :۔ شکریہ ! جی پروفیسر صاحب آپ اس ضمن میں ارشاد فرمائیے ۔

پروفیسر خورشید احمد :۔ کیا یہ ۔ ۔ ۔ ۔ ہوگئی ہے ۔

Mr. Acting Chairman: Is it being opposed?

Mr. Aitzaz Ahsan: Sir, I just want to say that athough very strictly speaking it does not amount to a breach of privilege in the technical strict sense but since it is a matter of grave public importance and although it would more appropriately be according to the rules on adjournment motion we will not oppose. The House itself may consider the admissibility of the motion.

اخونزادہ بہرہ ور سعید :۔ اجازت ہو تو میں بھی پڑھ لوں ۔

جناب قائمقام چیئرمین :۔ آپ کی بھی ہے ۔ اخونزادہ صاحب آپ کا نوٹس نہیں تھا تو آپ پھر ۔ ۔ اچھا

پڑھ دیجئے۔ یہ ایڈجرنمنٹ موشن ہے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید۔ جی ایڈجرنمنٹ موشن ہے

On the same subject, Sir.

جناب قائمقام چیئرمین: ۔ اس پر الگ ڈیل کریں گے اور بھی ہیں آپ کی بھی ہے اس کو پھر ایڈجرنمنٹ موشن کے زمرے میں رکھیں آپ decide کر لیں اگر باقی ساتھی ۔ ۔ ۔

Akhunzada Behrawer Saeed. It is on the same matter and the Minister was kind enough to...

Mr. Acting Chairman: But you have moved it as an adjournment motion.

آپ اس کو موو کر سکتے ہیں ہاؤس کا sense اگر یہ ہے کہ اس کو ایڈجرنمنٹ موشن کے طور پر لیتے ہیں تو پھر ایڈجرنمنٹ موشن میں بنے لیں گے۔

Mr. Wasim Sajjad: Point of order, Sir.

Mr. Acting Chairman: Mr. Wasim Sajjad.

Mr. Wasim Sajjad: Sir, I think the honourable Law Minister has not correctly appreciated the rule. Under Rule 65 Sir, it is the duty of the Chair to hold the privilege motion in order and it is not for the House to discuss the admissibility of the privilege motion. Since the privilege motion is not being opposed, you Sir, as the Chairman should hold it to be in order and then a motion will have to be moved so that this matter can be discussed in the House itself. So, the admissibility is not for the House, the admissibility is for the Chair to decide.

Mr. Acting Chairman: Mr. Wasim Sajjad I think as far as the privilege motion is concerned he has opposed it as a privilege motion but he has recommended that it can be moved as an adjournment motion.

*(Interruption)*

**Mr. Aitzaz Ahsan:** I do not oppose any debate or consideration by the House and the House may first, before the Chairman qives his ruling, advise and give its opinion. The learned members on the admissibility of the privilege motion should participate in that debate and then the Chairman can give ruling. I do not oppose debate on the motion, although I say I point out to my learned friends also that technically it would not amount to breach of privilege, it would amount to being a matter of great public importance and of grave national concern of which the Government itself is very concerned and consider this a matter of great importance and I would not oppose debate in the House although I would point out to the House in its wisdom to decide whether it is a privilege motion or not.

**Mr. Wasim Sajjad:** The Law Minister cannot oppose debate on the admissibility of the motion. If the privilege motion is being opposed then it is for us to argue that it is admissible and for you as the Chairman to decide whether it is admissible or not. Therefore, Sir, if it is being opposed we should be given the opportunity to argue on its admissibility, but if the admissibility is not being opposed then we can discuss the privilege motion itself.

**Mr. Acting Chairman:** In the past it has been a practice that whether the Law Ministry opposes it or not, whether you want to oppose the privilege motion or not but the argument from Mr. Aitzaz Ahsan will come on its admissibility. He says that after having a debate the Chairman will be able to decide and I think Mr. Wasim Sajjad has got a valid point.

**Mr. Javed Jabbar:** No Mr. Chairman, I am sorry, I disagree. Where does it say in the Rules of Procedure that only if the Minister Incharge gets up and opposes the provilege motion then such and such will occur? Could that relevant rule of procedure be quoted to me? This is a practice, it is not a rule of procedure.

قاضی عبداللطیف: ۔اس سلسلے میں میری تحریک استحقاق ہے ۔

جناب قائمقام چیئرمین: ۔قاضی صاحب آپ کا نام پکارا تھا لیکن آپ موجود نہیں تھے آپ بھی پڑھ دیجئے۔

**قاضی عبداللطیف:** میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ ایوان کی معمول کی کارروائی روک کر اس اہم قومی معاملہ پر جو حال ہی میں وقوع پذیر ہوا ہے بحث کرکے استحقاق کمیٹی کے حوالہ کیا جائے ، روزنامہ نوائے وقت راولپنڈی ۱۶ دسمبر ۱۹۸۸ء بلوچستان اسمبلی توڑ دی گئی۔ گورنر نے آئین کے تحت وزیراعلیٰ کے مشورے سے اقدام کیا ہے۔ سرکاری ہینڈ آؤٹ ۔ اعلان علی الصبح کیا گیا ہے۔ جناب والا! یہ جمہوریت کا اولین تحفہ نئی حکومت کا ملک کو تحفہ ہے جس سے میرا اور اس ایوان کا حق مجروح ہوا ہے اس پر ایوان کو بحث کا موقع دے کر اسے استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔

**جناب قائمقام چیئرمین:** شکریہ! پروفیسر صاحب۔

**پروفیسر خورشید احمد:** جناب چیئرمین! میں اپنی اس پریویلج موشن پر دلائل دینے سے پہلے یہ بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ رولز کی حد تک مجھے جاوید جبار صاحب کی اس بات سے اتفاق ہے کہ پریویلج موشن پر وزیر قانون وعدل کے اعتراض کی ضرورت نہیں۔ پریویلج موشن اپنی نوعیت کی ایک ایسی مخصوص موشن ہے کہ جس کے بارے میں یہ روایت بھی رہی ہے کہ اسے چیمبر میں ختم نہیں کیا جاتا اور پریویلج موشن پر صرف چیئرمین اور ہاؤس ان دو کے درمیان (۱) غور ہوا کرتا ہے اور اس سلسلے میں میں آپ کی توجہ House of Commons کے رولز کی طرف مبذول کراؤں گا جن میں مجھے صحیح یاد نہیں ہے کیونکہ مجھے پتہ نہیں تھا (۱) ریفرنس میرے پاس نہیں کہ ایشو اٹھنے والا ہے غالباً ۵م ۱۹ء میں کلرک آف دی ہاؤس نے اس مسئلے کے اوپر ایک لیٹر لکھا تھا اسی مسئلے کو clarify کرنے کے لئے

On the basis of a Select Committee's Report

اور اس میں یہ بات واضح کی گئی تھی کہ پریویلج موشن ایک ایسی موشن ہے جسے صرف ہاؤس ہی قبول کر سکتا ہے۔ یا رد کر سکتا ہے فنی بنیادوں کے اوپر لاء منسٹر یا کوئی دوسرا منسٹر اس پر اعتراض نہیں اٹھا سکتا میں سمجھتا ہوں کہ یہ بات بالکل درست ہے اور غالباً وسیم سجاد صاحب کے سامنے بھی یہی چیز ہو گی میں صرف ریکارڈ درست کرنے کیلئے یہ بات کہہ رہا ہوں۔ ایڈجرنمنٹ موشن میں یہ طریقہ اختیار کیا جاتا ہے کہ گورنمنٹ اسے اپوز کرتی ہے یا نہیں؟ لیکن پریویلج موشن ایک ایسی موشن ہے جس کا معاملہ صدر نشین سینیٹ یا سپیکر اور اسمبلی ممبران سے ہوتا ہے۔

**جناب قائمقام چیئرمین:** ۔ پروفیسر صاحب آپ نے تو اس مسئلے کو حل کر دیا ہے۔

Just to straighten the record

**پروفیسر خورشید احمد:** ۔ میں اس پر اپنے دلائل آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں۔ جناب والا! میرے دلائل اس پریویلج موشن کے بارے میں تین نوعیت کے ہوں گے اور میں مختصراً ان تین نکات کی طرف آپ کی اور ایوان کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں سب سے پہلی چیز یہ ہے۔ واقعات کس طرح رونما ہوتے ہیں تاکہ جن حقائق پر ہم اپنے دلائل مرتب کر رہے ہیں۔ وہ ایوان کے سامنے رہیں صورت حال یہ ہے کہ ملک میں نئے انتخابات منعقد کئے جاتے ہیں اور ان انتخابات کے نتائج میں مرکز اور صوبوں میں دستور کے مطابق حکومتیں وجود میں آنی چاہئیں۔

بلوچستان میں ہی نہیں اور مقامات پر بھی بالخصوص سرحد میں یہ کیفیت پیدا ہوئی، مرکز میں یہ کیفیت پیدا ہوئی کہ کسی ایک پارٹی کے پاس clear majority نہیں تھی اور یہ معروف طریقہ ہے کہ جب کسی ایک پارٹی کے پاس clear majority نہ ہو تو پھر وہ دوسروں کے ساتھ مل کر ایک مخلوط حکومت بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ لیکن یہ ضروری ہے کہ حکومت وہ بنائے جسے اکثریت حاصل ہو جائے۔ اس معاملہ میں مرکز اور صوبوں میں دستور کے نظام میں ذرا سا فرق ہے۔ مرکز میں پوزیشن یہ ہے کہ اپنی اکثریت ثابت کرنی ہوگی حلف لینے کے بعد، اور صوبوں میں صورت یہ ہے کہ حلف لینے سے پہلے ایک شخص کو اکثریت حاصل کرنی ہوگی اور پھر اس کو وزیر اعلیٰ بنایا جائے گا۔ یہ آپ کی اس وقت کی دستوری پوزیشن ہے۔ اب اس دستوری پوزیشن میں ہم یہ دیکھتے ہیں کہ بلوچستان کی اسمبلی ہوتی ہے۔ اس سے پہلے پیپلز پارٹی، جو لوگ آئی جے آئی کے ٹکٹ پر منتخب ہوئے تھے، وہ، اور کچھ دوسرے افراد مل کر کوئی اپنا ایسا نظام بنا لیتے ہیں جو صوبائی ہے اور اسے آئی جے آئی کی ملک گیر تائید حاصل نہیں، اس کے بارے میں، میں to straighten the record آج ہی کے اخبارات میں، جناب جمالی صاحب کا جو بیان شائع ہوا ہے، اس کی طرف آپ کی توجہ مبذول کراؤں گا یہ سارے ہی اخبارات میں آیا ہے، لیکن میں Nation اخبار سے جس میں اس کی lead ہے یہ جملہ آپ کو پڑھ کر سناؤں گا کہ

Mr. Nawaz Sharif and Party President, Muhammad Khan Junejo refused to give him any guidance to solve the political impasse leading to the dissolution.

یہ ان کا ذاتی عمل تھا، پیپلز پارٹی کے ساتھ انہوں نے alliance کیا، سپیکر کا انتخاب ہوا، اور صرف چوالیس کی اسمبلی میں چار افراد کی اکثریت رکھتے ہوئے پیپلز پارٹی کا Speaker منتخب ہو گیا۔ اب وہ ڈرامہ ہوتا ہے، جو ہماری تاریخ کا ایک بڑا ہی افسوسناک ڈرامہ ہے۔ اس میں بجائے اس کے کہ clear انداز میں کسی بھی شخص کو اکثریت حاصل ہوتی، ایک ایسی صورت حال پیدا کی گئی کہ جس میں وزیر اعلیٰ کی قرارداد کے حق میں اور مخالفت میں برابر برابر ووٹ آئے۔ میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ وزیر اعلیٰ کی قرارداد کے "حق اور مخالفت" کا سوال کیوں پیدا ہوا۔۔ اس لئے یہاں پر دو نام ہوتے، جس طرح سے کچھ اور صوبوں میں ہوئے، اور اس صورت میں ہر ایک کو کتنی کتنی تائید حاصل ہوئی، یہ ایک معقول بات تھی۔ اگر ایک ہی نام تھا تو اس پر یہ کیفیت کیوں پیدا کی گئی شاید اس لئے کہ صرف اس صورت میں کاسٹنگ ووٹ دیا جا سکتا تھا، کسی اور صورت میں کاسٹنگ ووٹ دینا ممکن نہیں تھا اور پھر پیپلز پارٹی کے سپیکر کے کاسٹنگ ووٹ سے بظاہر یہ حکومت وجود میں آئی۔

جناب والا! اس موقع پر میں آپ کی توجہ دستور کے الفاظ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ دستور میں وزیر اعلیٰ کے تقرر کے سلسلے میں جو طریقہ بیان کیا گیا ہے، اس میں جو چیز لازمی ہے، وہ یہ ہے کہ اس شخص کو مقرر کیا جائے گا اس کام کے لئے جسے اکثریت کی تائید حاصل ہوگی اور پھر اس کے بعد یہ نہیں ہے کہ Majority of those present in voting.

بلکہ اس کے معنی یہ ہیں کہ اسمبلی کی جو تعداد ہے اس کی اکثریت ۔۔۔ جناب والا! یہ بڑا اہم نکتہ ہے، سیاسی اعتبار سے بھی اور قانونی اور دستوری اعتبار سے بھی، جس پر میں آگے جا کر اپنے دلائل کو کرنا چاہتا ہوں۔ اس لئے آپ اس پر غور فرمائیں کہ یہ چیز دستور کے پورے نظام میں dissolution کے سلسلے میں بھی no confidence کے سلسلے میں بھی، اور الیکشن کے سلسلے میں بھی چیئرمین کے الیکشن کے سلسلے میں بھی، اس کے علاوہ اور ایسے دوسرے مقامات پر ہے کہ majority of the

[Prof. Khurshid Ahmed]

members of the House اگر ہم کا اس وقت ہاؤس تھا، تو ہماری پارٹی کے لئے ۲۳ ووٹ لینا ضروری ہے اور جو شخص بھی ۲۳ سے کم ووٹ لے، وہ اس دستور کے تحت فی الحقیقت اس ہاؤس کا لیڈر منتخب نہیں ہو سکتا اور جو ممبر دستور کے تقاضوں کو پورا کرے۔ بغیر منتخب نہیں ہو سکتا اسے وزیر اعلیٰ کے لئے nominate نہیں کیا جا سکتا اس لئے ab-initio جو صورت حال وہاں پیدا ہوئی، اور جسے ایک خاص انداز میں وجود میں لایا گیا، وہ آپ کی توجہ کی مستحق ہے۔

جناب والا! اس کے بعد اس شخص کو وزیر اعلیٰ بنا دیا گیا، لیکن اس کے باوجود اسے چیلنج کیا گیا، اپوزیشن نے چیلنج کیا، اور اس کی اپنی کابینہ سے defection شروع ہو گیا۔ جس کے صاف معنی یہ ہیں کہ ابتدا میں جو بھی اس کو تائید حاصل ہوئی تھی وہ اس تائید کو بھی برقرار نہ رکھ سکا۔ جب یہ defection سامنے آ گیا تو اس پورے زمانے میں کوشش کی جاتی رہی کہ کسی طرح اس کو سہارا دیا جائے۔ بیساکھیاں فراہم کی جائیں۔ مرکزی سے پارلیمانی امور کے وزیر مملکت بھی دوڑے دوڑے وہاں پہنچے، اس سے پہلے وہ اس معاملے میں ایک خاص رول ادا کرتے رہے، لیکن جب یہ ساری کی ساری چیزیں ناکام ہو گئیں تو پھر اچانک اسمبلی کو dissolve کرنے کا اقدام کیا گیا لیکن جناب والا! مجھے آپ اجازت دیں کہ بیچ میں ابھی جو ایک کڑی اور ہے اس کی نشاندہی کروں۔ اور وہ کڑی یہ ہے کہ جیسے آج جمالی صاحب نے اپنے بیان میں واضح کیا ہے اور وہ یہ ہے کہ dissolution کے بارے میں، گورنر کو مشورہ دینے سے پہلے وہ وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے مستعفی ہو چکے تھے اور انہوں نے لکھ کر دے دیا تھا کہ میں مستعفی ہو گیا ہوں۔

جناب والا! میں چاہتا ہوں کہ to straighten the record میں ان کے یہ الفاظ آپ کو پڑھ کر سنا دوں، انہوں نے انکشاف کیا کہ بلوچستان اسمبلی ٹوٹنے سے چوبیس گھنٹے قبل وہ وزیر اعلیٰ کے عہدے سے مستعفی ہو گئے تھے۔ اب جناب والا! صورت حال یہ بنی کہ ایک شخص جو دستور کے تحت، اسمبلی میں کم سے کم تائید حاصل نہیں کر سکا جس کی بنیاد پر گورنر کسی شخص کو دعوت دینے کا اہل بنتا ہے اس دستور کے تحت، کہ اسے وزیر اعلیٰ بننے کے لئے کہا جائے۔ لیکن ان کو دعوت دی گئی۔ پھر جو کچھ بھی ڈرامہ رچا کر کے بظاہر اس کو اکثریت دکھائی گئی، وہ بھی باقی نہ رہی اس سے defection شروع ہو گیا۔ حتیٰ کہ اس کی کابینہ کے افراد نے publicly استعفیٰ دیا اور اس سے اپنے آپ کو disassociate

کیا اس کے بعد پھر اس شخص نے خود تحریری اپنا استعفیٰ دے دیا۔ اب استعفیٰ دینے کے بعد جو ڈراپ سین ہے اس ڈرامے کا وہ سب سے زیادہ دلچسپ ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ ایک طرف تو یہ پیپلز پارٹی کے مرکزی وزیر اس کو منانے یا سنبھالنے کی کوشش کرتے ہیں اور دوسری طرف اگر یہ اطلاع درست ہے تو رات کے تین بجے ٹیلی فون پر وہ گورنر کو مشورہ دیتا ہے اس بات کا کہ آپ اسمبلی کو dissolve کر دیں۔ اور جناب والا! اس امر کو آپ بھول نہ جائیں کہ یہ وہی رات ہے جب صبح صدر مملکت نے مشترکہ ایوان کو Joint sitting کو خطاب کرنے کے بعد۔ پارلیمنٹ کے تمام اراکین کو دعوت پر بلایا ہوا تھا۔ ہم سب وہاں شریک تھے۔ وہاں پر ماشاءاللہ چاروں گورنر بھی موجود تھے، بلوچستان کے گورنر بھی اس میں شریک تھے، اور بلوچستان کے گورنر کو یہ مستعفی شدہ وزیر اعلیٰ رات کو تین بجے، تحریری نہیں ٹیلی فون پر مشورہ دیتا ہے کہ اسمبلی dissolve کر دو اور گورنر اس کو وحی الٰہی سمجھ کر اسی وقت dissolve کرنے کا اعلان کر دیتا ہے اور صبح کی خبروں میں، اخبارات میں نہیں اس لئے کہ اخبار والے تو عام حالات میں اپنی خبریں دینا کو دے کر سو گئے تھے لیکن رات کی اس تاریکی میں جن میں بالعموم مارشل لاء لائے جاتے ہیں۔ فوجی ایکشن کئے جاتے ہیں، ڈاکے ڈالے جاتے ہیں، اس وقت گورنر صاحب خواب خرگوش سے بیدار ہوتے ہیں اور ایک مستعفی شدہ وزیر اعلیٰ کی تجویز کو اس طرح مانتے ہیں کہ اسی وقت اس اسمبلی کو dissolve کر دیا جاتا ہے سیاسی حیثیت سے جناب والا! یہ گھناؤنا فعل، ایک شرمناک حرکت، ایک افسوسناک ڈرامہ، ملک کے ساتھ ایک مذاق، جمہوریت کے چہرے پر کلنک کا دھبہ ہے۔

جناب والا! اب اس کے دوسرے دستوری پہلو پر آئیے، قانونی پہلو پر آئیے آپ کو معلوم ہے کہ اس ملک کا نظام فیڈریشن کا نظام ہے۔ فیڈریشن نام ہے اس بات کا کہ صوبے اور مرکز، ان کے درمیان ایک خاص تعلق ہے ایک خاص relationship ہے اور وہ relationship وہ ہے جو دستور کے فریم ورک نے فراہم کر کے دیا اس میں checks and balances بھی ہیں۔ اس میں Provincial Autonomy بھی دی گئی ہے اس میں کچھ معاملات، میں مرکز کو خصوصی اختیارات بھی دیئے گئے ہیں، فریم ورک یہ ہے کہ صوبے کی اسمبلی صوبے کی منتخب کردہ ہوتی ہے اور صوبے کا وزیر اعلیٰ اسی اسمبلی کا منتخب کردہ ہوتا ہے لیکن صوبے کا گورنر فیڈریشن کا نمائندہ ہوتا ہے۔ صوبے کا

[Prof. Khurshid Ahmed]

نمائندہ نہیں، امریکہ کی فیڈریشن میں صوبے کا گورنر elect ہوتا ہے اور صوبہ خود سیلکٹ کرتا ہے
سٹیٹ خود elect کرتی ہے لیکن پاکستان کے آئین میں صوبے کا جو گورنر ہے وہ فیڈریشن کا نمائندہ
ہے اسے صدر مملکت اپنی discretion سے نامزد کرتا ہے۔

جناب والا! یہاں پھر میں آپ کی توجہ دستور کے الفاظ کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ دستور کے آرٹیکل
۱۰۱ میں کہا گیا ہے۔

There shall be a Governor for each province who shall be appointed by the President in his discretion after consultation with the Prime Minister.

Prime Minister کا consultation ہے اور صدر کا discretion

The Governor shall hold the office during the pleasure of the President.

وہ continue بھی کر سکتا ہے صرف صدر کی سرپرستی میں ان کی تقلید میں، اگر کسی موقع پر
گورنر absent ہوتا ہے تو ایسا نہیں ہے کہ صوبے کا کوئی ذمہ دار شخص خود یہ جگہ لے۔ بلکہ
صدر ہی نامزد کرے گا acting governor بھی۔ آرٹیکل ۱۰۴ میں اس بات کو واضح کر دیا گیا
ہے۔ البتہ چونکہ صوبے کا نظام گورنر کے نام پر چلتا ہے اس لئے عام سیاسی و انتظامی معاملات کے اندر
ان چیزوں کو چھوڑ کر جہاں کہ گورنر کو discretion دیا گیا ہے اور وہ چیزیں بھی دستور کے
اندر موجود ہیں یہ اصول آرٹیکل ۱۰۵ میں طے کیا گیا ہے

Subject to the Constitution in the performance of his functions the Governor shall act in accordance with the advice of the Cabinet or the Chief Minister.

لیکن جناب والا! دستور میں بڑا نازک balcnce قائم کیا گیا ہے اور میں آپ کی توجہ اس
طرف مبذول کراؤں گا کہ ایک اہم proviso آرٹیکل ۱۰۵ میں شامل کیا گیا ہے اور وہ یہ ہے کہ

Provided that the Governor may require the Cabinet or, as the case may be, the Chief Minister to reconsider such advice, whether

generally or otherwise and the Governor shall act in accordance with the advice tendered after such reconsideration.

جناب والا! جس دستور کی دفعہ میں گورنر کے لئے چیف منسٹر کی advice پر چلنے کی ہدایت ہے اسی دفعہ میں یہ بھی موجود ہے کہ گورنر کا یہ اختیار ہے کہ اگر وہ کسی advice کے بارے میں یہ محسوس کرے کہ یہ معقول نہیں ہے Prime Facie یہ نادرست ہے۔ تو وہ اسے reconsider کرنے کے لئے دعوت دے سکتا ہے تو میں چاہوں گا کہ پہلا پوائنٹ آپ یہ نوٹ کریں کہ گورنر فیڈریشن کا نمائندہ ہے صدر مقرر کرتا ہے وزیراعظم کے مشورے کے ساتھ، اور گورنر رہ سکتا ہے اپنے مقام پر صرف in the presence of the President دوسری چیز یہ ہے کہ گورنر چیف منسٹر کی advice پر ضرور چلتا ہے لیکن اسے یہ اختیار ہے کہ اگر چیف منسٹر کی device نامعقول ہو تو اس کو reconsider کرنے کے لئے کہے۔ تو جناب والا! یہی وجہ ہے کہ جس مقام پر dissolution کا ذکر کیا گیا ہے آرٹیکل ۱۱۲ وہاں یہ رکھا گیا ہے۔

The Governor shall dissolve the Provincial Assembly if so advised by the Chief Minister; and the Provincial Assembly shall, unless sooner dissolved, stand dissolved at the expiration of 48 hours after the Chief Minister has so advised.

جناب والا! یہ ۴۸ گھنٹے اس کے بیچ میں کیوں ڈالے گئے یہ بڑا اہم نکتہ ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ اگر چیف منسٹر نے کہا اور "کن فیکون" کے اصول پر گورنر جو ہے وہ اسمبلی کو dissolve کر دے یہ ۴۸ گھنٹے یعنی یہ دو دن کی جو مہلت رکھی گئی ہے وہ اسی لئے ہے کہ reconsider کی ضرورت ہو تو کیا جا سکے گورنر فیڈریشن کا مشورہ دے۔ اگر ضرورت پائے تو اسی لئے دستور نے یہ سارا فریم ورک فراہم کیا ہے۔ دوسری شکل dissolution کی وہ ہے جو اس کی discretion میں ہے کہ گورنر dissolve کر سکتا ہے لیکن آپ دیکھئے کہ وہاں بھی بڑا ایک اہم نکتہ ہے اور وہ یہ ہے۔

The Governor may also dissolve the Provincial Assembly in his discretion but subject to the previous approval of the President

[Prof. Khurshid Ahmed]

where in his opinion a vote of no confidence having been passed and so on and so forth.

تو جناب والا! جو argument میں build کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ اگر آپ دستور کے پورے فریم ورک کو دیکھیں تو اسی فریم ورک میں اگر چیف منسٹر یہ advice دے بھی کہ اسمبلی کو dissolve کر دو تو اس کے بعد گورنر کے پاس دو options ہیں پہلا یہ کہ وہ خود اپنے initiative پر reconsideration کے لئے وزیر اعلیٰ سے کہہ سکتا تھا۔ دوسری چیز یہ کہ وہ مرکز سے اسے مشورہ کرنا چاہئے اس لئے کہ جہاں وہ اپنی discretion dissolve کر رہا ہے وہاں تو اس کے لئے لازم ہے وہ prior permission کے بغیر یہ کام کر ہی نہیں سکتا۔ لیکن جہاں وہ اپنی discretion میں یہ کام نہیں کر رہا وہاں بھی چونکہ وہ فیڈرل کا نمائندہ ہے اور اس کے ہر اقدام پر فیڈریشن کی تائید قانونی، سیاسی و اخلاقی طور پر شمار کی جائے گی اس لئے اسے موقع دیا گیا ۴۸ گھنٹے کا اور یہ ۴۸ گھنٹے کا وقت provide ہی اسی لئے کیا گیا۔

جناب والا! ایک طرف Provincial Autonomy ہے جو بڑی اہم ہے اور دوسری طرف یہ نازک link جو مرکز سے ہے یہ وہ مقام ہے جہاں میں آپ کی توجہ اس جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ بدقسمتی سے ہم نے اپنے جمہوری سفر کا جو تازہ آغاز کیا ہے پہلی اور دوسری دسمبر سے ۱۶ر نومبر اور ۱۹ر نومبر کے انتخابات کے بعد، حقیقت یہ ہے کہ وہ بڑے تاریک سایوں تلے ہم نے یہ کام کیا ہے پہلے ہی دن ہمیں یہ وارننگ دے دی گئی کہ اگر ۱۶ر نومبر کے انتخاب کے بعد ۱۷ نومبر کو پیپلز پارٹی کو مرکز میں اقتدار سونپ دیا جاتا تو پھر ۱۹ نومبر کو صوبائی انتخابات کے نتائج مختلف ہوتے یہ بات on public record وزیر اعظم نے کہی۔ اس کے بعد سے صوبوں کے سلسلے میں ایک cold war جو اب hot war میں تبدیل ہو رہی ہے کا آغاز ہو گیا۔ میں اس موقع پر آپ کی توجہ فنانشل ٹائمز میں شائع ہونے والے اس انٹرویو کی طرف بھی دلانا چاہتا ہوں۔۔

جناب قائمقام چیئرمین: پروفیسر صاحب! معذرت کے ساتھ اس پہ آپ کی شاید ایڈجرنمنٹ موشن بھی آئی ہوئی ہے تو اس وقت بات کر لیں۔ اس وقت اس کا ذکر اس کی ایڈمسیبلٹی

سے نہیں ہوگا تو۔۔۔۔

پروفیسر خورشید احمد: میں اپنا right reserve رکھتا ہوں۔ اس کا ایڈمسیبلٹی سے تعلق ہے۔ یہ سینیٹ فیڈریشن یا پراونس کے relations کا مسئلہ ہے اور یہاں پر

She is confident that Mr. Sharif will be ousted within two months and intends to stand no nonsense from him. There is nothing much he can do against the Centre and he could only lose by confrontation.

تو جناب والا! میں بڑے نازک مسئلے کو deal کر رہا ہوں فیڈریشن اور پراونس کی relationship پنجاب پر یہ تاریک سائے مسلط کئے گئے اور بلوچستان میں یہ اقدام کر کے province کے معاملات کے اندر مداخلت کی گئی بلکہ دوسرے provinces کے لئے ایک وارننگ دی گئی۔ ان کے سروں پر ایک تلوار لٹکائی گئی۔ تو اس لیے یہ میرے argument کا ایک بڑا اہم حصہ ہے۔ میں اس پر بحث کروں گا۔

دوسرا پہلو یہ ہے کہ وزیر اعظم کو کیا رول ادا کرنا چاہیئے اور کہاں وہ اپنی حدود سے آگے بڑھ رہی ہیں لیکن یہاں میں یہ ثابت کرنا چاہ رہا ہوں کہ فیڈریشن نے مداخلت کا راستہ اختیار کیا ناروا راستہ اختیار کیا۔ دستور کی خلاف ورزی ہوئی اور دستور کا جو پورا فریم ورک ہے وہ اس بات کا تقاضا کرتا تھا کہ اس اسمبلی کو بچایا جائے۔ اب میں اپنے تیسرے آرگومنٹ پر آتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ میں نے جتنا بھی پارلیمانی تاریخ کا مطالعہ کیا ہے اس میں سے چند مثالیں آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ گورنر ہو یا پریذیڈنٹ، دو صورتوں کا ہمیشہ فرق کیا گیا ہے ایک صورت وہ ہے کہ جب نارمل حالات میں کوئی اسمبلی کام کر رہی ہے اور ہم یہ مانتے ہیں کہ پارلیمانی نظام میں وزیر اعظم یا چیف منسٹر کا یہ حق ہے کہ جب وہ اپنے لئے سیاسی فضا سازگار پائیں تو انتخاب وہی initiate کریں۔ گو ایک اسمبلی کو اس کی فطری عمر پوری کرنے کا موقع ملنا چاہیئے۔ لیکن اگر کسی وقت پارلیمانی نظام میں وزیر اعظم یا وزیر اعلیٰ یہ محسوس کرتا ہے کہ نئے الیکشن کی ضرورت ہے، تو وہ دوبارہ electorate میں جا سکتا ہے اور اس معاملے میں سب ہی اتفاق

[Prof. Khurshid Ahmed]

کرتے ہیں کہ یہ سیاسی وجوہ سے بھی ہو سکتا ہے لیکن اس کے باوجود بھی پارلیمانی نظام میں اسے بہ اختیار حاصل ہے لیکن جناب والا! عام حالات میں ایک وزیر اعلیٰ یا وزیر اعظم کا یہ موقف اختیار کرنا اور وہ حالات کہ جن میں وزیر اعلیٰ یا وزیر اعظم اپنی اکثریت کھو چکا ہو اس کے لئے پارلیمنٹ یا اسمبلی میں مسائل پیدا ہو چکے ہوں اور وہ ان مسائل سے بھاگنے کے لئے یہ راستہ اختیار کرے۔ ان دونوں کے درمیان فرق کیا گیا ہے۔ خود آپ کے دستور میں ایک شق موجود ہے اور وہ یہ ہے کہ اگر عدم اعتماد کا نوٹس بھی دے دیا گیا ہو تو پھر situation بدل جاتی ہے۔ لیکن جناب والا! میں آپ کے سامنے کئی مثالیں پارلیمانی تاریخ سے دے سکتا ہوں کہ جس میں نوٹس نہیں بلکہ اگر ایک اسمبلی میں ایک وزیر اعلیٰ یا ایک ملک میں ایک وزیر اعظم اپنی اکثریت کھو چکا ہو اور اس بات کے پورے امکانات موجود ہوں کہ اسی اسمبلی میں متبادل نظام بن سکتا ہے تو پھر کبھی بھی یہ راستہ اختیار نہیں کیا جاتا کہ اسمبلی کو dissolve کیا جائے۔ یہ میری دلیل کا بڑا ہی اہم پہلو ہے اور میں سب سے پہلے خود دستور کی سپرٹ سے argue کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ خواہ مرکز میں یا صوبوں میں جہاں discretion میں اسمبلی کو توڑنے کی بات رکھی گئی ہے۔ اور جناب والا! یہ بھی بڑا اہم نکتہ آپ کے سامنے لانا چاہتا ہوں کہ یہ جو تبدیلی دستور میں ہوئی۔ یعنی آٹھویں ترمیم کے بارے میں یہ ایک روایت بن گئی ہے کہ جو اٹھے گا اسے گالی دے گا۔ لیکن یہ وہی بدنام زمانہ آٹھویں ترمیم تھی جس کے نتیجے میں صدر کے absolute discretion کو contain کیا گیا اور مجھے فخر ہے کہ میں اور میرے چند ساتھی جن میں سے جاوید جبار اب دوسری صفوں میں چلے گئے لیکن ہم نے لڑ کر یہ تبدیلی کرائی تھی۔

جناب جاوید جبار: لیکن میرے دوست پروفیسر خورشید صاحب کہیں اور چلے گئے۔

پروفیسر خورشید احمد: میں وہیں ہوں الحمدللہ جہاں تھا۔ میں عرض کر رہا تھا کہ ہم نے اس میں تبدیلی کرائی کہ پریذیڈنٹ اپنی discretion میں اسمبلی توڑ نہیں سکتا گورنر اپنے discretion میں اسے توڑ نہیں سکتا۔ بلکہ اس کے لئے دو متعین شکلیں رکھی گئی ہیں اور یہی بنیاد تھی جس پر ہائیکورٹ اور سپریم کورٹ نے ۲۹ مئی کے فیصلے یا اقدام کو چیلنج کیا۔ اسے غیر دستوری قرار دیا اگر judicial review

کا یہ دروازہ ہم نہ کھولتے تو یہ بات نہیں ہو سکتی تھی۔ لیکن میں چاہتا ہوں کہ دستور کی سپرٹ جاننے کے لئے آپ اس پر غور فرمائیں۔ اور پھر یہ کہ

> "A vote of no confidence having been passed against the Chief Minister, no other member of the Provincial Assembly is likely to command the confidence of the majority of the members of the Provincial Assembly in accordance with the provisions of the Constitution as ascertained in a session of the Provincial Assembly summoned for the purpose."

اس کے معنی یہ ہیں کہ دستور کی سپرٹ دراصل یہ ہے کہ اگر کسی وقت ایسی کیفیت اسمبلی میں پیدا ہو جائے خواہ مرکزی خواہ صوبائی۔ کہ جو وزیراعلیٰ ہے اس کی میجارٹی باقی نہیں رہی تب بھی اس اسمبلی کو dissolve نہیں کیا جائے گا۔ بلکہ dissolve کرنے کی بجائے ہم دوبارہ اسمبلی کی طرف جائیں گے اور ہاں اگر اسمبلی میں اس کے بعد کوئی alternate نہیں آسکتا ہے اور یہ ممکن نہیں ہے اسمبلی کے لئے کہ alternate وزیراعظم یا alternate وزیراعلیٰ produce کر سکے تب پھر ایسی اسمبلی کو dissolve کیا جائے گا

and we go back to the electorate

یہ ہے دستور کی سپرٹ۔ اس سلسلے میں جناب والا! میں آپ کی توجہ Practice and Procedure of Parliament کی طرف دلانا چاہتا ہوں جو Kaul اور Shakdher کی کتاب ہے اس کے صفحہ ۱۵۶ پر ہمیں اس سلسلے میں بڑی دلچسپ بحث ملتی ہے اور میں راجیہ سبھا ہی کی بحث آپ کے سامنے پڑھ کر سنا رہا ہوں۔ صفحہ ۱۵۶ پر۔

> "A question has been raised whther a Prime Minister who has lost confidence of the party in power or who is in danger of losing such confidence..."

میں ذرا اس حصہ کو repeat کرنا چاہتا ہوں اور

> "... or who is in danger of losing such confidence should advise the President for a dissolution of Lok Sabha and whether the President is within his constitutional right to

[Prof. Khurshid Ahmed]

reject such an advice. No definite answers have been provided to these questions and there are precedents to rely upon. However, one thing is clear. A Prime Minister who has not resigned or who has not been dismissed by the President can always give such advice irrespective of the fact whether he has lost the confidence of his party or not. The President it he decides not to accept such advice musst first find an alternative Prime Minister who can command a majority in Lok Sabha and then seek his advice and act accordingly..."

اس سلسلے میں آگے چل کر یہ بتایا جاتا ہے کہ

"That normally the Governor in such circumstances does not dissolve the Assembly even though he may be advised by the Chief Minister to do so but it is not illegal if he dissolves the Assembly before he made a report to the President".

ہندوستان میں کم ازکم پانچ چھ کیسز اسی قسم کے ہوئے جن میں سے کم ازکم دو court of law میں بھی گئے ہیں اور جو نقطہ نظر رہا ہے وہ یہی ہے ۔ میں آپ کو اس میں سے ایک پڑھ کر سناتا ہوں ۔

"The propriety of the action of the Governor in not exploring the possibilities of forming an alternate government and dissolving the Assembly himself was discussed in Parliament. Replying to the debate in Raj ya Sabha the Union Minister of State observed that where a Chief Minister has *prima facie* lost the confidence of the majority of the Assembly as appeared to be the case in Punjab the proper course for the Governor would be not to act on the advice of the Chief Minister in the matter of dissolution but to make a independent assessment of the situation by consulting the opposition parties".

اسی طریقہ سے کیرالہ میں ۱۹۷۰ء میں تامل ناڈو میں ۱۹۷۱ء میں اور جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ کم ازکم پینتیس چالیس مثالیں پارلیمانی تاریخ میں موجود ہیں کہ جب عام حالات میں اس خطرے سے وزیراعلیٰ یا ایک وزیراعظم اپنی اکثریت کو باقی نہیں رکھ پا رہا ہے ۔ ابھی کوئی نوٹس نہیں جاری کیا گیا ہے وہ ان حالات سے فائدہ اٹھا کر کوشش کرتا ہے کہ گورنر کو مشورہ دے دے اسمبلی dissolve کرنے کا ۔ اور ان حالات میں عدالتوں نے بھی اور پارلیمنٹ نے اور ہندوستان میں راجیہ سبھا اور لوک سبھا

دونوں نے اس رائے کا اظہار کیا کہ ایسے حالات میں گورنر پر وہ advice binding نہیں ہے بلکہ گورنر کو اسمبلی کو موقع دینا چاہیئے۔ اگر وہ اپنا کوئی alternate لے آئے تو اس alternate کو وزیر اعلیٰ بنانا چاہیئے۔ اور اگر وہ alternate نہ لائے تب پھر اسمبلی کو dissolve کیا جائے۔ یہ ہے جناب والا! بنیادی نکتہ۔ لیکن یہاں تو لطف یہ ہے کہ وزیر اعلیٰ کہتا ہے کہ میں نے ۴۸ گھنٹے پہلے استعفیٰ بھی دے دیا تھا۔ کیا ایک استعفیٰ دیئے ہوئے وزیر اعلیٰ جس کی اکثریت ختم ہو رہی ہے اس کے ذریعے آپ اسمبلی کو dissolve کروائیں گے۔

جناب قائمقام چیئرمین: پروفیسر صاحب۔ میں تھوڑی سی وضاحت اس بات کی چاہوں گا کہ یہ جو چوبیس گھنٹے کی resignation ہے کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ انہوں نے پہلے advice کی اس کے بعد چوبیس گھنٹے گزرے تو انہوں نے resign کیا۔ ابھی چوبیس گھنٹے بقایا تھے کہ گورنر صاحب نے ایکشن لیا یہ interpretation کس طرح ہے۔

پروفیسر خورشید احمد: situation یہ ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ میں نے advice دینے سے چوبیس گھنٹے پہلے استعفیٰ دے دیا تھا advice دی گئی ہے ۱۵ تاریخ کی صبح کو تین بجے تہجد سے قبل اور اسی وقت گورنر صاحب نے اس پر ایکشن لے کے اسمبلی کو dissolve کر دیا اور resign انہوں نے اس سے ۴۸ گھنٹے پہلے دیا۔

جناب قائمقام چیئرمین: اور استعفیٰ اس سے ۴۸ گھنٹے پہلے دیا۔

پروفیسر خورشید احمد: جی ہاں اس سے پہلے دیا، اگر یہ استعفیٰ نہ بھی دیا ہوتا جب بھی advice ناقابل قبول تھی اور اس کے لئے میں نے آپ کو سارے evidence دیئے ہیں اور مزید evidence آپ کو دے سکتا ہوں۔ لیکن یہاں تو معاملہ اور بھی خراب ہے کہ ایک شخص illegally Chief Minister بنا illegally سے مراد یہ ہے کہ قانون میں اس کا appointment غلط تھا، نمبر دو یہ کہ جس بنیاد پر وہ بنا اس کو بھی باقی نہ رکھ سکا اس کی majority lose ہونا شروع ہو گئی، حتیٰ کہ اس کے ایک کیبنٹ منسٹر نے استعفیٰ دے کر کے اس سے برات کا اعلان

[Prof. Khurshid Ahmed]

کر دیا۔ پھر وہ کہتا ہے میں نے بھی استعفیٰ دے دیا اور اس کے بعد اسلام آباد میں بیٹھے ہوئے گورنر کو ٹیلی فون پر وہ اطلاع دیتا ہے کہ اسمبلی توڑ دو اور وہ توڑ دیتا ہے۔

جناب والا! میں آپ سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس طرف بلوچستان ہی نہیں پورے ملک میں ایک آگ لگ گئی ہے اس مسئلے کو پیپلز پارٹی اور حزب اختلاف کا مسئلہ نہ سمجھیئے یہ جمہوریت کے لئے خطرہ ہے یہ دستوریت کے لئے خطرہ ہے کیا ستم ظریفی ہے کہ صدر مملکت نے اپنے خطاب میں ایک بڑا ہی اہم نکتہ اٹھایا اور وہ یہ کہ پاکستان میں سیاسی بگاڑ کی بنیادی وجہ دستوریت میں ہے constitutionalism کی کمی ہے، دستور ہم بناتے رہے ہیں اور بگاڑتے رہے ہیں۔ لیکن دستور کا احترام، قانون کا احترام دستور کی پابندی یہ ہم نے نہیں کیا اور یہی وجہ ہے کہ ہم یہاں صحیح روایات کو صحیح اداروں کو ترقی نہ دے سکے لیکن ابھی ان کے الفاظ کی روشنائی بھی خشک نہیں ہوئی کہ انہی کا گورنر ایک ایسے وزیر اعلیٰ کے جس کی legitimacy مشتبہ ہے مشورے کے اوپر آنکھیں بند کرکے اسمبلی کو dissolve کر دیتا ہے اور پورے ملک کو خلفشار میں مبتلا کر دیتا ہے جمہوریت پر وہ ضرب کاری لگاتا ہے اور آمریت کے لئے راستہ ہموار کرتا ہے۔ فیڈریشن اور پراونس کے relationship کو مجروح کرتا ہے یہ اتنا serious مسئلہ ہے کہ اگر یہ ایوان اس کا نوٹس نہیں لے گا تو پھر کبھی اور اس کے نوٹس لئے جانے کا امکان مجھے نظر نہیں آتا اس لئے جناب والا میں سمجھتا ہوں کہ آپ اس کا نوٹس لیں اور جو دو مثالیں میں نے آپ کو دی ہیں اتفاق سے اس میں یہ بات بھی آ گئی ہے کہ ہندوستان میں راجیہ سبھا نے پنجاب کیرالہ تامل ناڈو اور دوسرے مقامات پر جب ایسے اقدامات کئے گئے تو ان کا نوٹس لیا ان پر بحث ہوئی ہے ہمیں بھی یہ کام کرنا چاہیئے کہ ہم اس مسئلے پر غور کریں، اس کے سیاسی دستوری قانونی تمام پہلوؤں کو لیں پوری سنجیدگی سے لیں اور پھر اسکے بعد جو خلاف ورزی دستور کی ہوئی ہے جو سیاسی جرم یہاں کیا گیا ہے اور سیاسی اخلاقیات کی جو دھجیاں یہاں بکھیری گئی ہیں ہم کوشش کریں کہ کم از کم یہ ایوان اس کے خلاف آواز اٹھائے اور اس طرح جمہوریت سے انحراف کے راستوں کو روک سکیں اس سیلاب کے آگے بند باندھ سکیں اپنے بلوچستان کے بھائیوں کو بھی یہ یقین دلائیں کہ مسئلہ صرف آپ کے حقوق کا نہیں، مسئلہ پاکستان کے ہر شہری کے حقوق کا ہے اور یہ

ایوان فیڈریشن کے حقوق کے محافظ کی حیثیت سے سب سے موثر آواز اٹھاتا ہے اور اس بات کی کوشش کرے گا کہ اس ابتدائی غلط اقدام کو ختم کیا جائے اسمبلی بحال ہو اور پھر جس کو بھی اسمبلی منتخب کرے اسے وزیراعلیٰ بنایا جائے، جناب والا! ان گزارشات کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

جناب قائمقام چیئرمین :۔ شکریہ، پروفیسر صاحب ایک دو وضاحتیں میری ذاتی رہنمائی کے لئے مجھے چاہئیں، ایک تو یہ کہ ٹیلی فون پر زبانی گفتگو پر یہ ہوا ہے تو اس کی authenticity کہاں تک درست ہے؟

پروفیسر خورشید احمد :۔ میرے پاس اخباری رپورٹس ہیں اور ایک دفعہ نہیں دس دفعہ یہ اخبارات میں خبر آئی ہے اور اس کا انکار کسی نے نہیں کیا ہے۔

جناب قائمقام چیئرمین :۔ دوسری عرض یہ ہے کہ جیسا کہ آپ نے فرمایا کہ ظفراللہ جمالی صاحب میجارٹی کمانڈ نہیں کرتے تھے ان کے خلاف کوئی legal remedy کے لئے وہاں کے ہاؤس نے کچھ move کیا تھا یا نہیں to the Speaker

پروفیسر خورشید احمد ۔ دیکھئے یہ بات مختلف حلقوں سے کہی جا رہی ہے، میں ممنون ہوں کہ آپ نے اس سوال کو اٹھایا legal remedy کے لئے کوئی وقت درکار ہوا کرتا ہے ابھی آپ کی اسمبلی وجود میں آئی ہے یعنی اس نے ۱۷ دسمبر کو اس نے حلف لیا ہے، وزیراعلیٰ کا قانونی یا غیر قانونی انتخاب عمل میں آیا ہے، سات تاریخ کو ان کے وزیر نے استعفیٰ دیا ہے اور ۱۵ کو آپ نے یہ کام کر دیا ہے یعنی ابھی آپ نے اس بات کا موقع ہی نہیں دیا کہ اسمبلی meet کرے، بجٹ پر غور کرے اور بجٹ وہ اہم مسئلہ تھا بلکہ میں آپ کو یہ نکتہ بھی عرض کر دوں اور میں ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے اس طرف متوجہ کر دیا یعنی پارلیمنٹری ہسٹری میں یہ مثالیں بھی ملتی ہیں کہ جب اس نوعیت کی کوئی صورت پیدا ہو اور اگر بجٹ منظور ہونا ہو تو بجٹ سے پہلے اسمبلی کو ختم نہیں کیا جاتا، اور کم از کم دو تین کتابیں ایسی ہیں کہ جن میں اس بات کو ایک اصول کے طور پر بیان کیا گیا ہے کہ جب بجٹ pending ہو تو اس وقت اسمبلی کو dissolve نہیں کیا جائے گا۔

ڈاکٹر نورجہاں پانیزئی :۔ میں یہ بات بتانا چاہتی ہوں کہ ایم پی اینز حلف اٹھانے سے پہلے گورنر

صاحب کے پاس گئے تھے کہ انہیں حلف نہ دیں ان کے پاس میجارٹی نہیں ہے۔

پروفیسر خورشید احمد:۔ وہ تو publicly موجود ہے اس اجلاس کے بعد انہوں نے اس بات کا اعلان کیا ہے اس کے بعد میٹنگیں ہوئی ہیں لیکن یہ ہے کہ میں آپ سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس کے لئے، ایک وقت کا عنصر بڑا اہم ہے اور فطری طور پر ایم پی ایز اس بات کا انتظار کر رہے تھے کہ ۲۴ سے پہلے پہلے بجٹ سیشن بلایا جانا ہے۔ سپریم کورٹ نے اخراجات کی جو اجازت دی ہے وہ ۲۴ ۲،۵، ۲ کو ختم ہو رہی ہے تو فطری طور پر یہ سیشن بلایا جائے گا اور وہ سیشن میں ان کو ناکام کریں گے لیکن اس کو avoid کیا گیا اور چونکہ بجٹ پاس نہیں ہوا تھا اور بجٹ پاس نہیں کرایا جا سکا اس لئے یہ اس جرم کو اور بھی دہرا اور تہرا کر دیتا ہے، اور کوئی سوال تو نہیں۔

جناب قائمقام چیئرمین:۔ شکریہ۔ ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی۔

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی:۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، جناب یہ واقعہ تو بہت ہی افسوسناک واقعہ ہے جو کہ پاکستان کی تاریخ اور خاص کر جمہوریت کی تاریخ میں ایک تاریک باب ہے مجھے حیرت اس بات کی ہے کہ جو پارٹی ۱۱ سال تک جمہوریت کے نعرے لگاتی رہی ہے انہوں نے صرف اس لئے بلوچستان کی اسمبلی توڑ دی کہ وہاں وہ اپنی حکومت نہیں بنا سکے اور خیر یہ ان کے لئے کوئی نئی بات نہیں ہے انہوں نے اپنی تاریخ دہرائی ہے اس سے پہلے بھی انہوں نے یہی کیا تھا۔

**Mr. Javed Jabbar:** Point of order Mr. Chairman.

**Mr. Acting Chairman:** Mr. Javed Jabbar on a point of order.

**Mr. Javed Jabbar:** I had to interrupt my honourable colleague in this Senate, I have a great respect for the sincerity of her comments but factually this is incorrect and let not lack of facts or incorrect statements become part of the proceedings of this House. The Pakistan Peoples Party had nothing to do with the order of the Governor. It is not a a matter of fact that the Governor of Baluchistan or the Chief Minister of Baluchistan were members of the Pakistan Peoples Party.

جناب قائمقام چیئرمین:۔ ڈاکٹر صاحبہ ایڈمیسبلٹی پر بات کریں۔

ڈاکٹر نورجہاں پانیزئی :- سن تو لیں۔ اس کے بعد صفائی پیش کر سکتے ہیں، یہ ان کی تاریخ میں دوسری مرتبہ ہے پرانی ہسٹری ہے ان کی، پہلے بھی انہوں نے بلوچستان کی تاریخ میں یہ کام کیا ہے اس لئے کہ وہاں پر ان کو ہمارئی حکومت نہیں مل سکی تھی اور انہوں نے بڑی کوشش کے باوجود وہاں آمریت کو ٹھونسنا چاہا۔

جناب قائمقام چیئرمین :- ڈاکٹر صاحبہ میں گزارش کروں گا کہ اس تحریک استحقاق کی ایڈمیسبلٹی پر آپ بات کریں، ہسٹری کو آپ چھوڑیں اس کی بات کریں۔

ڈاکٹر نورجہاں پانیزئی :- میں اسی پر آ رہی ہوں، انہیں تھوڑا بہت تو پتہ ہونا چاہیئے جناب!

جناب قائمقام چیئرمین :- بیگم صاحبہ آپ ایڈمیسبلٹی کی طرف آئیں۔

ڈاکٹر نورجہاں پانیزئی :- [illegible] اسی طرف آ رہی ہوں جی، آپ بھی ذرا صبر سے سن تو لیں جناب والا! اس [illegible] ت توڑ دی تھی لیکن خیر اس کے بعد جو بھی ہوا ہے وہ سب [illegible] کے سا [illegible] اہتی کیونکہ میرے معزز ساتھی رکن جناب پروفیسر خورشید صاحب نے اتنی تفصیل سے بتا دیا [illegible] کہنا تو ایسے ہے جیسے سورج کو چراغ دکھانا ہے لیکن ایک بڑی حیرت اور مضحکہ خیز بات یہ ہے کہ حزب اقتدار اور خاص کر وزیراعظم صاحبہ جو ہیڈ آف دی گورنمنٹ بھی ہیں فرماتی ہیں کہ مجھے اس کا علم نہیں ہے بڑی حیرت کی بات ہے کہ جو ٹی وی اور ریڈیو ہے وہ جو نیشنل نیوز دیتے ہیں وہ وفاقی حکومت سے منظوری لینے کے بعد دیتے ہیں، صبح کی سات بجے کی خبر کے بعد وزیراعظم صاحبہ کا یہ بیان۔

Mr. Acting Chairman: Mr. Javed Jabbar on a point of order.

Mr. Javed Jabbar: This is incorrect. No news clearance is obtained from the Federal Government before PBC and PTV telecast or broadcast of the news.

Mr. Hasan A. Shaikh: Sir, this is a general belief that everything is first approved by the Minister of State for Information.

Mr. Javed Jabbar: Are we to go by Mr. Hasan Shaikh's dreams and fantacies or shall we go by the facts?

جناب قائمقام چیئرمین:۔ ڈاکٹر صاحبہ آپ ایڈمیسیبلٹی کی بات کریں' short statement دیں۔

ڈاکٹر نورجہاں پانیزئی:۔ جی میں ایڈمیسیبلٹی پر آ رہی ہوں، قانونی نکتے میں نے چھوڑ دیئے ہیں میں بڑا شارٹ کٹ کر کے ایڈمیسیبلٹی پر آ رہی ہوں۔

جناب قائمقام چیئرمین:۔ قانون کی بات آپ کریں ناں۔ اخونزادہ صاحب پوائنٹ آف آرڈر

اخونزادہ بہرہ ور سعید:۔ جناب جاوید جبار صاحب ان ریمارکس پر ناراض نہ ہوں وہ ابھی کچھ ان کی خدمات بھی دکھائیں گی۔

Mr. Acting Chairman: Akhunzada Sahib, please, please, no interruption.

ڈاکٹر نورجہاں پانیزئی:۔ اچھا جی ان میں کچھ تو برداشت ہو سننے کی۔

جناب قائمقام چیئرمین:۔ ڈاکٹر صاحبہ آپ ایڈمیسیبلٹی [illegible] گے

ڈاکٹر نورجہاں پانیزئی: مجھے حیرت ہے کہ [illegible]
ملک میں کتنا بحران ہو گا کیونکہ آج [illegible] اسمبلی توڑنے سے ۲۴ گھنٹے پہلے وہ اپنا استعفیٰ دے چکے ہیں اور اس کے باوجود یہ کہا کہ یہ آئین کے مطابق ہے یہ بات ماننے کو کوئی تیار نہیں ہے۔ سیاسی تاریخ میں یہ ملک اور جمہوریت کے ساتھ سنگین مذاق ہے باقی میں ایک بات کہنا چاہتی ہوں۔ جو کچھ بھی ہے بلوچستان غریب ضرور ہے backword ضرور ہے، ان پڑھ ضرور ہے لیکن ان میں اتنی ہمت اور جرأت ہے۔۔۔

جناب قائمقام چیئرمین: ان پڑھ تو نہیں ہے آپ ڈاکٹر صاحبہ ماشاءاللہ ایم بی بی ایس گریجویٹ اس کے بعد

You are the only lady in the Senate from Baluchistan.

ڈاکٹر نورجہاں پانیزئی: شکریہ۔ مگر انہوں نے کبھی آمریت کے سامنے جھکنا نہیں سیکھا اور نہ ہی جھکے گا۔ یہ بڑی حیرت کی بات ہے کہ اس کے باوجود حزب اقتدار بار بار یہ کہہ رہی ہے کہ یہ قانونی تقاضوں کو سامنے رکھ کر کیا گیا ہے۔ ان کو ان حالات میں کیا مشکلات ہیں ابھی تو نو دن بھی نہیں ہوئے تھے نہ انہوں

نے کوئی قانونی کام کئے نہ ہی ملک میں کوئی ایسا اقدام اٹھایا تھا جس سے ان کو اپنی حکومت کا خطرہ لاحق تھا میں ایک بات ضرور کہنا چاہوں گی کہ ہمارے elected members کے لیے بار بار ایکشن میں حصہ لینا اتنا آسان کام نہیں ہے کیونکہ بلوچستان ایک غریب صوبہ ہے اگر انہیں یہ غلط فہمی ہے کہ اب ایکشن سے ان کی میجارٹی آئے گی تو یہ ان کے ذہن سے نکل جانا چاہیئے وہ وہاں کبھی بھی نہیں آسکتی نہ ان کی وہاں اتنی نمائندگی ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ وہاں سردیاں آرہی ہیں اور بلوچستان میں خاص طور پر سردیوں میں دسمبر جنوری فروری میں سخت برفباری ہوتی ہے وہاں الیکشن کرانا اتنا آسان کام نہیں ہے۔

جناب قائمقام چیئرمین:۔ وہ تو انہوں نے کہہ دیا ہے کہ مارچ میں ایکشن کرا رہے ہیں۔

ڈاکٹر نورجہاں پانیزئی:۔ وہ تو اپنی طرف سے نیکسٹ جولائی میں بھی کرا سکتے ہیں ان کی حکومت ہے۔ شیر کا بچہ ہے چاہے انڈہ دے چاہے بچہ دے۔ یہ ان کی حکومت ہے۔ لیکن ایک بات میں ضرور کرنا چاہوں گی۔۔

جناب قائمقام چیئرمین:۔ ڈاکٹر صاحبہ میں گزارش کروں گا آپ نے تو اپنے دل کی بھڑاس پوری نکال لی۔ ایڈمسبلٹی پر کوئی بات کہیں۔

ڈاکٹر نورجہاں پانیزئی:۔ میں زیادہ اور کچھ نہیں کہنا چاہتی آپ اس کو ایڈمٹ کرلیں۔ شکریہ۔

جناب قائمقام چیئرمین:۔ شکریہ! نیکسٹ قاضی عبداللطیف صاحب۔

قاضی عبداللطیف:۔ نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم، جناب عالی! صرف دو تین گزارشات کروں گا۔

جناب قائمقام چیئرمین:۔ پریس گیلری والوں سے گزارش ہے کہ ذرا ڈسپلن کا خیال رکھیں۔ آپ کی آوازیں ہاؤس کو disturb کر رہی ہیں۔

قاضی عبداللطیف:۔ آپ نے آخر میں ایک وضاحت طلب کی تھی پروفیسر صاحب سے کیا حزب اختلاف نے وہاں عدم اعتماد کا کوئی قانونی اقدام کیا تھا اس سلسلے میں میں گزارش کروں گا کہ یہ ان کی جمہوریت نوازی کا بین ثبوت ہے کہ وہ آخری دم تک وہاں جمہوری طریقے سے لڑنا چاہتے تھے۔ اگر ہم یہ کہیں کہ موجودہ گورنمنٹ یا بالفاظ دیگر پیپلز پارٹی نے موجودہ انتخابات کے نتائج کو تسلیم نہیں

[Qazi Abdul Latif]

کیا جس کے متعلق وہ پہلے بھی یہ کہہ رہے تھے اگر نتائج ہمارے حق میں نہ آئے تو گویا دھاندلی ہو گی ہم اس کے خلاف تحریک چلائیں گے۔ انتخابات ہونے کے بعد پنجاب کو یہ دھمکی دی گئی کہ دو مہینے کے اندر اندر پنجاب کی حکومت ختم ہو جائے گی اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ عمل ابھی تک جاری ہے یہ جو بڑے بڑے افسروں کے اتنی جلد بازی سے تبادلے کئے جا رہے ہیں اور ان پر ان لوگوں کو مسلط کیا جا رہا ہے جن کے بارے میں یقین ہے کہ وہ ہماری پالیسی کے مطابق نہیں چلیں گے یہ اس کی دلیل ہے کہ وہ اس حکومت کو ناکام بنانا چاہتے ہیں۔ اسی اقدام کے تحت میں یہ سمجھتا ہوں کہ بلوچستان کے اندر یہ اقدام اٹھایا گیا ہے اور جس طریقے سے پانیزئی صاحب نے کہا ہے کہ یہ ۷۳ء کے اس اقدام کا تتمہ ہے جو اس وقت کیا گیا تھا۔ اس وقت تو صرف اتنی بات تھی۔

__راجہ شاہد ظفر__:۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب چیئرمین یہ دوسری بار کہا جا رہا ہے ۷۳ء میں بھی ایسے ہوا تھا اور ابھی پیپلز پارٹی ایسا کر رہی ہے میں ان کی یادداشت تازہ کرنے کے لئے کہتا ہوں یہ اس اقدام کی کرشمہ ہے جس کی بنیاد ۲۹ مئی کو جنرل ضیاء الحق نے رکھی تھی اور جس کے نامزد کردہ یہی گورنر ہیں یہی وزیر اعلیٰ اس دور میں وزیر رہ چکے ہیں۔

__جناب قائمقام چیئرمین__:۔ شیخ صاحب آپ کی باری آئے گی جب ممبران صاحبان بول لیں گے یہ بالکل صحیح ہے۔ قاضی صاحب ایڈمسبلٹی پر بات ہو تو پھر اس قسم کی باتیں نہ ہوا کریں آپ ہسٹری میں چلے جاتے ہیں تو ایڈمسبلٹی کی باتیں رہ جاتی ہیں اس طرح لازمی بات ہے پھر اس قسم کی باتیں ہوں گی۔

__قاضی عبداللطیف__: جناب والا! اگر یہ جواب ہمیں وہ لوگ دیتے جو گیارہ سال تک پیپلز پارٹی کے ساتھ منسلک رہے ہیں تو ہمیں خوشی ہوتی۔ یہ جونز آموز ہیں اور نو وارد ہیں۔۔۔

(مداخلت)

__راجہ شاہد ظفر__:۔ میں اگر پیپلز پارٹی کے ساتھ منسلک نہیں رہا تو میں پچھلے ساڑھے تین سال حکومت کے ساتھ بھی منسلک نہیں ہوا۔ جمہوریت کے لئے ہم لڑتے رہے اور افسوس یہ ہو رہا ہے کہ جو مارشل لاء کے دور میں وزیر رہے ہیں آج وہ جمہوریت کی باتیں کر رہے ہیں۔ پیپلز پارٹی جو

جمہوریت کے لئے جدوجہد کرتی رہی ہے اس میں جو ہم لوگ نئے شامل ہوئے ہیں۔ وہ ساڑھے تین سال اپوزیشن میں بیٹھ کر مارشل لاء کا مقابلہ کرتے رہے ہیں۔ ہمارے پر یہ الزام لگا رہے ہیں۔

*(Interruption)*

Mr. Acting Chairman: Please maintain the decorum of the House.

*(Interruption)*

Mr. Acting Chairman: Please Hashim Sahib, don't make a fuss of the House. Please strictly stick to the admissibility of the Motion.

ادھر ادھر کے ریفرنس کوئی نہیں ہوں گے قاضی صاحب جب میں گزارش کرتا ہوں کہ آپ ایڈمسبلٹی پر بات کریں۔ ورنہ اس طرح ہاؤس ایک مذاق بن جائے گا اور اس طرح کے پرسنل ریمارکس ہوں گے۔ اس طرح تو بات نہیں بنے گی۔ میری گزارش ہے کہ آپ مہربانی کر کے ایڈمسبلٹی پر بات کریں۔

قاضی عبداللطیف:۔ میں ان کا ممنون ہوں جو انہوں نے فرمایا کہ ہم گیارہ سال جمہوریت کے لئے لڑتے رہے اور ہم یہ سمجھتے ہیں وہ اسی جمہوریت کے لئے لڑتے رہے جو آج ہمارے سامنے ہے اور جس جمہوریت کا آج انہوں نے اقدام کیا ہے۔۔۔

جناب قائمقام چیئرمین۔ قاضی صاحب میں پھر گزارش کروں گا کہ آپ بزرگ ہیں آپ پریویلیج موشن کی ایڈمسبلٹی پر بات کریں۔

قاضی عبداللطیف:۔ اسی جمہوریت کے لئے لڑتے رہے ہیں اور یہی ہمارے خدشات ہیں جو آج حقیقتاً اور واقعتاً ہمارے سامنے آ گئے ہیں۔ میں اتنی گزارش کروں گا کہ آپ دیکھ لیجئے کہ قومی اسمبلی کے اندر حزب اختلاف نے بائیکاٹ نہیں کیا۔ پیپلز پارٹی نے خود ہی بائیکاٹ کیا ہے اور اس اقدام کے خلاف عملی طور پر انہوں نے احتجاج کیا ہے اس لئے آپ ان کی حاضری کو دیکھ لیں۔ بجٹ اجلاس میں گیارہ آدمی کی حاضری ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ پیپلز پارٹی نے خود بھی

عملی طور پر اس کے خلاف احتجاج کیا ہے اور دنیا کو بتلا دیا ہے کہ یہ اقدام جابرانہ اقدام ہے غیر جمہوری اقدام ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ۔ قاضی صاحب کونسا اقدام ۔ ۔ ۔ ۔

قاضی عبداللطیف: ۔ یہ بلوچستان کی اسمبلی کو توڑنے کا ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: ۔ یہ پیپلز پارٹی والوں نے خود بھی appreciate نہیں کیا ۔

قاضی عبداللطیف: میں یہ سمجھ رہا ہوں کہ پیپلز پارٹی نے اس کے خلاف احتجاج کیا ہے اور اخبارات کی رپورٹ یہ ہے کہ کبھی گیارہ آدمی بیٹھے ہیں کبھی بارہ آدمی بیٹھے ہیں اور میں صدر مملکت سے یہ گزارش کروں گا کہ اگر موجودہ بجٹ اکثریت کی بنیاد پر پاس نہیں کیا گیا تو چاہیے کہ پیپلز پارٹی کہہ دے کہ یہ بجٹ قانونی طور پر ناجائز ہے اخلاقی طور پر یہ ٹھیک ہے ۔ ۔ ۔ ۔

جناب قائم مقام چیئرمین: قاضی صاحب آپ اپنے پریویلیج موشن کی بات کریں باقی باتیں تو کام کی نہیں ہیں ۔

قاضی عبداللطیف: اس کے متعلق گذارش یہ ہے ۔ میرے خیال میں اس پر جتنے دلائل پروفیسر صاحب دے چکے ہیں اس پر مزید اضافہ تو نہیں ہو سکتا ۔ صرف اتنی گذارش کروں گا کہ ہم بہرحال اس پر سخت احتجاج کرتے ہیں جو انہوں نے وہاں اقدام کیا ہے اور گیارہ سال سے جس جمہوریت کی ہمیں خوشخبری سنا رہے تھے نوید سنا رہے تھے ۔ اس کا نمونہ ہمارے سامنے آگیا ہے

اسی باعث نہ رکھتا تھا قدم قصر محبت میں
مجھے گرتی نظر آتی تھی یہ تعمیر پہلے سے

جناب قائم مقام چیئرمین: شکریہ! جی جناب احمد میاں سومرو صاحب

Mr. Ahmedmian Soomro: Mr. Chairman, my learned brother Prof. Khurshid Ahmed has elaborately dwelt on the 'question and since we are at present on the stage of the admissibility, I would be very brief and relevant.

Sir, there is no doubt that this question which we are discus-

sing is of very urgent importance and public importance. I am glad that the Minister for Justice has set a good precedent by not opposing it in principle and allowed the Senate to discuss this matter. It is a good precedent and I think we should, in this Senate, create good conventions and I would commend this action of the Minister. Here, we have now a new dimensions to this episode by the statement of the ex-Chief Minister Baluchistan at a press conference which my learned brother Senator Prof. Khurshid Ahmed has pointed out where he said that he had resigned 24 hours before this advice. The question is that we are *prime facie* here dealing with the breach of the Constitution. It was alleged that the action taken by the Governor was in consultation with or previous consent of the President or the Prime Minister. I think, we should be fair to both of them and we have no reason to disbelieve a statement made by the Prime Minister on the floor of the National Assembly that she had no concern directly or indirectly and was not aware of it and unless as Senators we have any proof to the contrary there is no reason to disbelieve the statement of the Prime Minister made on the floor of the House.

So, let us not be sentimental. We in this Senate are proud that we have laid conventions in these 3½ years with due consideration and above sentiments. But as far as the legality of the action as I said is first of all with this new dimension of the Chief Minister having resigned, if that is correct, again we have no reason to disbelieve him that he had no right to give any advice. In Article 112 discretion to the Governor to dissolve the Assembly and more so obviously under the Constitution the resignation is to be addressed to the Governor and if the Governor had received the resignation it is for him to explain to this House as to how he acted on the advice of a Chief Minister who was no longer the Chief Minister because it is the Constitution, there is no question of accepting the resignation of the Chief Minister as soon as the resigns it is deemed to have been accepted and he is deemed to have been no longer the Chief Minister though he may be asked by the Governor to continue in office at his pleasure. Apart from that Sir, in the matter of his appointment as a Chief Minister, Article 130, 2(a) clearly says that, "notwithstanding anything contained in clause (2) after the 20th day of March 1988, the Governor shall invite the member of the Provincial Assembly to be the Chief Minister who commands the confidence of the majority of the members of the Provincial Assembly as ascertained in a session

[Mr. Ahmedmian Soomro]

of the Assembly, summoned for the purpose in accordance with the provisions of the Constitution".

Now, Sir, it is very clear here that a person who commands the majority of the members of the Provincial Assembly that means the total members — so, therefore, the votes alleged to have been cast in favour of the so-called Chief Minister does not comply with the provisions of Article 130 2(a). Therefore, the Governor had no right to call upon him to be the Chief Minister and his appointment is *ipso facto* null and void and, therefore, he was not in a position to avail of Article 112 on that ground also to advise the Governor. Therefore, Sir, as far as the legal aspect is concerned, I may emphaticallv submit that there has been a violation of the Constitution, and therefore, a breach of the privilege of this Senate as we have also sworn to abide by the Constitution, to protect the Constitution and it is our duty as Senators to protect the Constitution and, therefore, I would request you Sir, since the matter is of great importance where people's rights have been tampered with, you would be pleased to hold the motion in order and under Rule 65 allow this House to discuss it. Thank you, Sir.

**Mr. Acting Chairman:** Mr. Soomro, I will seek one clarification. You mentioned this Article 130, 2(a) in which you have said that whether your objection was with regard to appointment of the Chief Minister or dissolution of the Assembly because in this speech you have referred to the appointment of the Chief Minister that he did not command the majority's favour. Now, what point you referred whether to the appointment of the Chief Minister of the Assembly or the advice of the Chief Minister for the dissolution of the Assembly?

**Mr. Ahmedmian Soomro:** I say that he was not the Chief Minister. His appointment is null and void and not in accordance with the provisions of Article 130, 2(a) because majority does not mean majority of the present members, because unless the Chief Minister has a working majority which means of the full House how can he run the business of the House. If on that day, there is only, say, half of the House present and he has the majority of that it cannot by any stretch of imagination be said that he has a workable majority and therefore, majority is majority of the full House, Sir.

Mr. Acting Chairman: Maulana Sami-ul-Haq.

مولانا سمیع الحق :۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین صاحب، اس مسئلہ پر جناب پروفیسر خورشید احمد بڑی تفصیل سے اپنے خیالات کا اظہار کر چکے ہیں اور دلائل دے چکے ہیں۔ میں مختصراً دو چار منٹ آپ کا وقت لوں گا۔ بلوچستان کے ساتھ یہ المیہ پیش آیا ہے اور بدقسمتی سے بلوچستان ایک دور افتادہ علاقہ ہے اور تقریباً ہر دور میں وفاقی حکومتوں نے اس کو اپنے آمرانہ اقدام کے لئے تجربہ گاہ بنائے رکھا ہے جو بھی حکومت آتی ہے، وہ ٹیسٹ کے طور پر اپنی قوت آزمائی بلوچستان میں کرتی ہے اس لئے کہ وہاں کے سنگلاخ اور پہاڑی علاقے سے چیخنے چلانے کی آواز دنیا تک آسانی سے نہیں پہنچ سکتی ہے۔ اقتدار کے ایوانوں اور محلات میں سونے والوں کی نیند میں خلل ڈال سکتی ہے۔ ۔ ۔

جناب قائمقام چیئرمین :۔ مولانا صاحب، آج کل تو اخبارات اور انفارمیشن میڈیا وغیرہ ہر جگہ موجود ہیں اس لئے سب جگہوں پر خبریں پہنچ سکتی ہیں۔

مولانا سمیع الحق :۔ وہ ابھی وہاں کم ہے۔ وہاں پر کیا گزر رہی ہے اور کیا ہو رہا ہے۔ اتنی آسانی سے یہ خبریں وہاں سے نہیں پہنچ سکتی جتنی آسانی سے لاہور اور کراچی سے پہنچ سکتی ہیں۔ اگر ایسے حالات یہاں ہوں تو ساری دنیا کے کان کھڑے ہو جاتے ہیں۔۔۔

جناب قائمقام چیئرمین :۔ لیکن بقول آپ کے بڑی آسانی سے ٹیلی فون پر یہ اقدام کرا لئے۔

جناب قائمقام چیئرمین :۔ لیکن یہاں تو انہوں نے ٹیلی فون پر کرا لیا۔ ۔ ۔

مولانا سمیع الحق :۔ جی ہاں یہاں تو ٹیلی فونوں پر اقدام ہو جاتے ہیں آپ نے پوچھا تھا کہ اس کا ثبوت کیا ہے کہ ٹیلی فون پر بات ہوئی تھی۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ وہاں سے کوئی رات کو تین بجے جن بھوت ہی آ سکتا ہے۔ جنات ان پہاڑوں سے پہنچ سکتے ہیں اور گورنر سے احکامات لے سکتے ہیں میری تحقیقات یہ ہے کہ اس رات کوئی طیارہ، کوئی سیسنا طیارہ یہاں بلوچستان میں نہیں اترا۔ کوئی بات سوائے اس کے نہیں کہ تخت سلیمانی پر جنرل لالہ موسیٰ صاحب وہاں پہنچ گئے ہوں اور پھر رات یہاں پہنچ گئے ہوں۔

[Mulana Semi-ul-Haq]

بہرحال میں یہ عرض کرتا ہوں یہ اس دورافتادہ اور پسماندہ علاقے کے ساتھ انتہائی افسوسناک واقعہ ہے اور اس سے پہلے بھی بلوچستان کے لوگ مجبوراً پہاڑوں میں پناہ لے چکے ہیں ۔۔۔

جناب قائمقام چیئرمین :۔ مولانا صاحب ایڈمسبلی پہ بات کریں پہلے کی بہت باتیں ہو چکی ہیں اب ان کو Repeat کرنے کی ضرورت نہیں ہے آپ ایڈمسبلی پہ بات کریں۔

مولانا سمیع الحق : چونکہ وہاں سے جمہوریت قتل کی گئی ہے تو لازماً قاتل کی بات بیچ میں آئے گی جب قاتل کی بات آئے تو آپ کہتے ہیں کہ قاتل کا نام نہ لیں ۔ بہرحال جمہوریت کی علمبردار جماعت آئی ہے اور گیارہ سال تک جمہوریت کے نام پر مہم چلاتی ہے ۔ اور ابھی جمہوری ادارے پوری طرح قائم ہی نہیں ہوئے ہیں ۔ اور ان کا سفر شروع ہی نہیں ہوا کہ انہوں نے آغاز ہی میں رات کی تاریکی میں شب خون مارا اور یک جنبش قلم پوری اسمبلی کو توڑ دیا ۔

یہ اسمبلی ایک خاص نوعیت کی اسمبلی تھی اس طرف میں آپ کی توجہ مبذول کراتا ہوں ۔ بلوچستان ہمیشہ استحصالی قوتوں کے شکنجے میں رہا ہے بلوچستان ہمیشہ مخصوص گھرانوں کے ہاتھوں میں رہا ہے اور وہاں ہمیشہ وڈیرہ شاہی، نوابوں اور شہزادوں کی چلتی رہی ہے اور عوام بے چارے آزادی رائے سے ہمیشہ محروم رکھے جاتے تھے ۔ اس دفعہ پہلی مرتبہ ایسا ہوا کہ وہاں کے عوام نے بڑے بڑے بتوں کو گرایا اور استحصالی قوتوں کی غلامی کا طوق اتار پھینکا ۔ اور پسماندہ طبقہ سے پہلی مرتبہ غریب طبقے سے اکثریت ایسے ممبران کی آئی تھی جو غریبوں کے جذبات کی ترجمانی تھی اور میں ایک اور اہم نکتے کی طرف آپ کی توجہ مبذول کراتا ہوں اور اس اقدام کے پس پشت محرکات میں یہ بھی ہے کہ ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ایک قانون ساز اسمبلی میں علماء کی اتنی بڑی تعداد آگئی تھی ۔ اور علماء کی ایک بڑی اکثریت صوبائی اسمبلی میں پہنچ کر صوبائی حکومت بنانے کی پوزیشن میں تھی اور لازماً یہ خطرہ تھا کہ اگر وہاں علماء کی حکومت قائم ہوگئی تو وہ ایسے اقدامات کریں گے جو مرکز کی پالیسیوں سے ہم آہنگ نہیں ہوں گے ۔ مرکز میں جو گورنمنٹ ہے اس کا اپنا ایک نظام، نظریہ اور ازم ہے اس صورتحال میں وہاں ایسی حکومت قائم ہونا تھی جیسے ۱۹۷۲ء میں صوبہ سرحد میں مفتی محمود کی حکومت قائم ہوئی تھی ۔ اور انہوں نے بنیادی طور پر کچھ ایسے اقدامات شروع کئے جس کو مرکز پسند نہیں کرتا تھا ۔ وہاں بھی مفتی محمود کی حکومت کو راتوں رات توڑا گیا ۔ اس

وقت میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کے کروڑوں مسلمانوں کے ارمان تھے کہ کم ازکم ایک صوبے میں تو اسلامی روایات پر مبنی ایک حکومت دیکھیں گے۔ ان غریب لوگوں نے بے سرو سامان علماء کو نوابوں اور شہزادوں و جاگیرداروں کے مقابلے میں منتخب کر لیا تھا۔ اور جب ان کی حکومت قائم ہو جاتی تو میں سمجھتا ہوں کہ اگر کسی ایک صوبے میں نہیں ایک ضلع میں بھی صحیح اسلامی معاشرے پر مبنی صاف ستھری گورنمنٹ قائم ہو جائے تو وہ پورے ملک کے لئے انقلاب کا ذریعہ بن سکتی ہے اور یہ لوگ نہیں چاہتے کہ کہیں ایسی مثال قائم ہو جائے۔

یہی مصیبت آج افغانستان کے مسئلے کے حل میں رکاوٹ ہے کہ اگر وہاں علماء اور مجاہدین کی قربانیوں کے بعد حکومت قائم ہوتی ہے تو وہ ان کے سارے نظریات اور مقاصد کو تہس نہس کر دیتے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ بلوچستان کے غریب عوام نے استحصالی قوتوں سے نجات پائی تھی اور اس سازش میں یہ بات درپردہ کارفرما ہے کہ وہاں پھر اپنے مقاصد کے مطابق الیکشن کرائے جائیں اور پھر استحصالی قوتوں کو وہاں اپنے ظلم و ستم اور لوٹ کھسوٹ کا موقع مل جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ پارلیمنٹ کو سینیٹ کو وفاق کی سالمیت کے خلاف جو بھی قدم اٹھتا ہے اس کو نظر میں رکھنا چاہیئے اور اس قدم سے لازماً وفاق کو خطرات لاحق ہو گئے ہیں۔ ان الفاظ کے ساتھ میں پر زور مطالبہ کرتا ہوں کہ اس تحریک کو استحقاق کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

میر ہزار خان بجارانی:۔ بہت بہت شکریہ جناب چیئرمین! آج یہاں جو تحریک move کی گئی ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ اپنی نوعیت کی بہت اہم تحریک ہے۔ اور اس پر یہاں پر کھل کر بحث ہونی چاہیے لیکن چونکہ اس وقت ہمیں اس کی صرف ایڈمسیبلٹی پر بات کرنی ہے۔ لہٰذا میں مختصراً چند نکات آپ کی خدمت میں عرض کروں گا۔ سب سے پہلی بات جناب چیئرمین یہ ہے کہ بلوچستان ہمارے ملک کا نہ صرف پسماندہ بلکہ سیاسی طور پر بہت ہی حساس صوبہ ہے اگر ہم بلوچستان کی تاریخ میں جائیں گے تو یہ حقیقت ہمارے سامنے آئے گی اور ماضی میں بھی جو اقدامات بلوچستان میں ہوئے اور جو نتائج ہمارے سامنے آئے وہ نہ صرف اس صوبے کے لیے، پاکستان کے لیے بلکہ وفاق کے لئے نقصان دہ ثابت ہوئے۔ اب کہ ایک بار پھر بلوچستان کی

[Mir Hazar Khan Bijarani]

صوبائی اسمبلی کو توڑ کر جمہوریت کی نفی کی گئی ہے۔ یہ ایک قومی مسئلہ ہے جو کم از کم میرے نقطہ نگاہ سے بہت ہی اہم اور قومی اہمیت کا حامل واقعہ ہے۔

اس وقت جناب والا! بلوچستان کی اسمبلی وجود میں نہیں۔ جہاں یہ مسئلہ discuss ہو سکے۔ خوش قسمتی سے سینیٹ آج موجود ہے اور چونکہ سینیٹ چاروں صوبوں کی نمائندگی کرتی ہے۔ یہاں چاروں صوبوں کے نمائندے بیٹھے ہیں۔ لہٰذا اگر اس فورم پہ بلوچستان کے issue کو discuss نہیں کیا جاتا تو پھر میں نہیں سمجھتا کہ پاکستان میں کوئی اور فورم موجود ہوگا جس میں یہ issue اٹھایا جائے اور جس میں اس پر بحث کی جائے۔ یہ میری پہلی گزارش تو یہ تھی کہ اس نکتے کو مدنظر رکھتے ہوئے اس تحریک کو ایڈمٹ کیا جائے۔

دوسری بات جناب والا! قوم کو ایک عجیب وغریب تذبذب میں ڈال دیا گیا ہے۔ محترمہ وزیر اعظم صاحبہ فرما رہی ہیں کہ dissolution جب عمل میں آیا اس سے قبل ان کو اس بات کا کوئی علم نہیں تھا۔ انہوں نے نیشنل اسمبلی کے فلور پہ بھی یہ بات کہی ہے۔ پریس میں بھی یہ بات آچکی ہے اور بظاہر ان پہ یقین نہ کرنے کی ہمارے نزدیک کوئی وجہ بھی نہیں ہے۔ لیکن جناب والا! بات یہ ہے کہ آخر قوم حقائق جاننا چاہتی ہے۔ وہ کیا حقائق تھے وہ کیا پس منظر تھا وہ کیا وجوہات تھیں جن کی بنیاد پر بلوچستان کی اسمبلی کو توڑا گیا۔ یقیناً وفاق کے جو نمائندے آج یہاں سینیٹ میں موجود ہیں وہ بھی ان حقائق کو جاننا چاہیں گے۔ ہم بھی بڑی بے چینی سے اس چیز کا انتظار کر رہے ہیں کہ کم از کم ہمیں ان حقائق سے آگاہ کیا جائے۔ کیونکہ جناب والا! گورنر صاحب نے جو حکم صادر فرمایا تھا اس میں اسمبلی کو توڑنے کی کوئی وجہ نہیں بتائی گئی۔ اگر اس میں کوئی وجہ ہوتی کہ یہ وجہ ہے جس کی بنیاد پر اسمبلی توڑی جا رہی ہے تو ہماری سمجھ میں بھی کوئی بات آتی۔ لیکن اس آرڈر میں اسمبلی توڑنے کی کوئی وجہ نہیں بتائی گئی محض یہ کہہ کر کہ اسمبلی کو فلاں رول کے تحت ۱۱۲ کے تحت توڑا جاتا ہے میں نہیں سمجھتا کہ جناب والا! کہ یہ بات اس قوم کو قائل کر سکتی ہے کہ یہ اقدام لینا ضروری تھا۔ تیسری بات کہ گورنر صاحب کو اگر وزیر اعلیٰ نے نوٹس دیا تھا dissolution کا مشورہ دیا تھا تو ان کے پاس یقیناً ۴۸ گھنٹے تھے اور وہ ۴۸ گھنٹے تک انتظار کر سکتے تھے۔ لیکن انہوں نے یہ انتظار کئے بغیر وزیر اعظم صاحبہ کو اطلاع

دیئے بغیر پریذیڈنٹ صاحب سے مشورہ کئے بغیر رات کی تاریکی میں dissolution آرڈر پاس کر دیا۔ ہمیں یہ سمجھ نہیں آ رہی کہ آخر اس ایمرجنسی کی وجہ کیا تھی کیوں ضرورت پیش آئی اس ایمرجنسی کی۔ اگر اس رات جس رات یہ dissolution عمل میں آیا ہے۔ وزیر اعلیٰ صاحب نے یہ مشورہ دیا تھا تو اگر اس وقت سے بھی گھڑیوں کا تعین کیا جاتا تو دونوں ان کے پاس موجود تھے۔ گورنر صاحب اس دن دارالحکومت میں موجود تھے ان کے لئے صبح کو پرائم منسٹر اور پریذیڈنٹ سے رابطہ قائم کرنا کوئی دشوار کام نہیں تھا۔ وہ ان کو اعتماد میں لیتے۔ ٹھیک ہے میں قانونی تاریکیوں میں جانا نہیں چاہتا۔ آئین انہیں یہ provide کر سکتا ہے کہ آپ بغیر مشورے کے اسمبلی توڑ سکتے ہیں۔ لیکن جو ماضی کی پریکٹس رہی ہے۔ ہمارے ملک کے جمہوری نظام کی اس میں ہمیشہ کسی صوبے کے وزیر اعلیٰ یا صوبے کے گورنر نے وفاقی حکومت سے مشورہ کیا ہے۔ کوئی آسمان نہیں گر رہا تھا جناب والا! اگر گورنر صاحب پرائم منسٹر یا پریذیڈنٹ سے مشورہ کر کے یہ عمل انجام دیتے۔ تو یہ جو ایمرجنسی میں راتوں رات اسمبلی کو توڑا گیا۔ آخر اس کی وجہ کیا تھی۔ یہ ایوان اور پوری پاکستانی قوم وہ وجوہات جاننا چاہتی ہے۔

اس بنیاد پر بھی میں سمجھتا ہوں کہ اس موشن کو ایڈمٹ کیا جائے تاکہ اس پر کھل کر ممبران کو بحث کرنے کی اجازت ہو۔ اور ہمارے وزراء صاحبان بھی اس نکتے کی وضاحت کر سکیں۔ جو نکات یہاں اٹھائے گئے ہیں کہ آخر کیا وجوہات تھیں کس بنیاد پر اسمبلی توڑی گئی اس کا پس منظر کیا تھا۔ اس سے جمہوریت کو کیا فائدے ہوں گے۔ اس کے نقصانات کیا ہیں اس کے فائدے کیا ہیں۔ دونوں پہلوؤں کو جب سامنے رکھا جائے گا تو ظاہر ہے اس کے بعد ہی قوم کو پتہ چلے گا کہ آیا یہ جو قدم اٹھایا گیا ہے یہ قوم کے مفاد میں تھا یا جمہوریت کے مفاد میں تھا؟ یا کہ قوم اور جمہوریت، دونوں کی نفی کرتے ہوئے ان دونوں کے خلاف یہ قدم اٹھایا گیا۔ ظاہر ہے اس ایوان میں دونوں نقطہ ہائے نظر آپ کے سامنے آئیں گے۔ دوران بحث میں فاضل ممبر صاحبان اپنے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے اپنے اپنے دلائل سامنے لائیں گے۔ اور ظاہر ہے کہ اس وقت قوم کی نظریں منتخب نمائندوں کی طرف لگی ہوئی ہیں اور وہ چاہے گی کہ جتنا جلد ممکن ہو سکے حقائق اس کے سامنے لائے جائیں۔ جناب والا! میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لوں گا اور اگر یہ موشن ایڈمٹ ہو گئی اور اس کے بعد اگر آپ نے مجھے اجازت دی تو ان شاء اللہ مزید تفصیل سے اس پر روشنی ڈالوں گا۔ آپ کا بہت بہت شکریہ!

**جناب قائمقام چیئرمین:** جناب اعجاز علی تالپور صاحب۔ sorry جتوئی صاحب۔

**جناب اعجاز علی خان جتوئی:** جناب آپ کی اطلاع کے لئے۔ آپ نے بھی نام غلط لیا، بڑی مہربانی آپ کی اور اس سے پہلے بھی یہاں پر میرا نام غلط لیتے رہے ہیں۔

**جناب قائمقام چیئرمین:** میں نے تو معذرت کر لی۔ ان سے بھی کرالیں گے۔

**جناب اعجاز علی خان جتوئی:** جناب وزیر اطلاعات بھی یہاں موجود ہیں۔ ان کی اطلاع کے لئے عرض ہے کہ ٹی وی پر تین مرتبہ، جس دن ہم نے پرائم منسٹر صاحبہ سے ملاقات کی تھی، تین مرتبہ میرا نام غلط لیا گیا نیوز میں۔ مبارک باد دیتا ہوں۔۔۔

**جناب قائمقام چیئرمین:** یہ پوائنٹ بھی آپ کا ہو گیا۔ بس ٹھیک ہے۔ جاوید صاحب اسے نوٹ کر لیں۔ جی فرمائیں۔

**جناب اعجاز علی خان جتوئی:** آج ہم جس موضوع پر تحریک استحقاق پر بحث کر رہے ہیں یہ بہت ہی اہم تحریک استحقاق ہے۔ کیونکہ previously ہمیں bitter experiences ہیں ہو چکے اور دو دفعہ جمہوریت کی گاڑی جو ۱۶ نومبر کو انتخابات کے بعد free way پر چڑھی تھی اس کا ایک پہیہ نکل چکا ہے اور تین پہیوں پر وہ گڑگڑاتی گھوم رہی ہے۔ اور اس کا ایک پہیہ پنکچر کیا گیا ہے اب وہ کون سی forces ہیں جو یہ چاہتی ہیں کہ جمہوریت کی گاڑی سڑک سے چلے ہی نہیں۔ پہلے تو ہمیں یہ فیصلہ کرنا ہے کہ یہ ایوان فیڈریشن کی نمائندگی کرتا ہے یا نہیں آیا بلوچستان اس فیڈریشن کا حصہ ہے یا نہیں ہے۔ اگر بلوچستان اس ہاؤس کا حصہ ہے اس فیڈریشن کا ایک حصہ ہے اور ہم اس فیڈریشن کے مالک ہیں ہم اس فیڈریشن کو چلانے کے لئے یہاں آئے ہوئے ہیں اور یہ ہاؤس اس فیڈریشن میں consist کرتا ہے تو پھر اس تحریک استحقاق کو بہت ہی زیادہ اہمیت دینی چاہئے کیونکہ وہ اسمبلی موجود نہیں ہے جو اس پر بحث کر سکتی ہے اگرچہ بلوچستان کے لوگ فیڈریشن کی طرف نظریں اٹھا کر دیکھ کر یہ شکایت ضرور کرتے ہیں۔ میں اسے ایک شعر میں عرض کر دوں

ہم کو تو ہوش نہیں تم کو خبر ہو شاید
لوگ کہتے ہیں کہ تم نے ہمیں برباد کیا۔

ان کے چالیس لاکھ ووٹوں کو گورنر صاحب ۔ ایک ریٹائرڈ جنرل نے ایک آسمان سے حکم اتار کے ایک منٹ میں ختم کر دیا۔ بقول وزیر اعلیٰ صاحب کے۔ میں نے اخبار میں پڑھا ہے کہ انہوں نے کراچی میں پریس کانفرنس سے جو خطاب کیا ہے۔ چیف منسٹر صاحب کہتے ہیں جو کہ خود اسلامی جمہوری اتحاد کا حصہ ہیں۔ اس حقیقت کو بھی تسلیم کرنا چاہیے۔ کیونکہ انہوں نے اسلامی جمہوری اتحاد کے پلیٹ فارم سے الیکشن میں حصہ لیا تھا اور یہ جو گورنر صاحب کو اختیار دیا گیا ہے۔ یہ پاور آٹھویں ترمیم میں مسلم لیگ کی حکومت نے نیشنل اسمبلی میں پاس کرائی تھی۔ یہ بھی اپنی جگہ پر ایک حقیقت ہے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: پوائنٹ آف آرڈر۔ یہ آرٹیکل ۱۱۲ کی پروویژن ۱۹۷۳ء کے آئین میں پہلے سے موجود تھی۔ یہ کوئی نئی نہیں ہے۔

جناب قائمقام چیئرمین: جی ہاں یہ اس میں پہلے سے موجود تھی صحیح فرمایا آپ تشریف رکھیں جی جتوئی صاحب

جناب اعجاز علی خان جتوئی: اس کے بعد چیف منسٹر صاحب باوجود اپنی کوششوں کے وہاں ہاؤس میں اکثریت حاصل نہیں کر سکے اور ایک اخباری رپورٹ کے مطابق رات کو ایک بجے وہ مولانا فضل الرحمٰن صاحب سے ملتے ہیں اور مولانا صاحب ان کو کہتے ہیں کہ ہم آپ کے ساتھ معاہدہ نہیں کر سکتے کیونکہ آپ نے پہلے جب ہم سے negotiations کی تو ہمیں آپ نے ditch کیا۔ اور آپ صوبائی اسمبلی میں حلف اٹھا کر چیف منسٹر بن گئے۔ اس کے بعد انہوں نے کہا کہ ہم کل آپ کے خلاف عدم اعتماد کا ووٹ پیش کریں گے اس دوران گورنر صاحب جو کہ یہاں کیپیٹل میں موجود تھے اور اس گورنر صاحب نے جن کے ساتھ ہم سب رات دس بجے تک پریذیڈنسی میں ڈنر میں موجود تھے اس کے بعد انہوں نے کہا کہ ہم آپ کے خلاف کل تحریک عدم اعتماد پیش کریں گے۔ اسی اثناء میں گورنر صاحب جو کہ یہاں کیپیٹل میں موجود تھے اور اس گورنر صاحب نے جو کہ ساڑھے دس بجے رات تک ہم سب کے ساتھ وہاں پر ایوان صدر میں ڈنر پر تھے تین بجے رات کو یہ کس طرح make up mind کر لیا کہ وزیر اعلیٰ صاحب جو ہیں وہ advise کر رہے ہیں اور مجھے آج ہی آج یہ ختم کرنا ہے نہیں تو صبح کو شاید میں پھانسی پر چڑھ جاؤں۔ راتوں رات یہ decision لے کر سات بجے صبح کو ریڈیو اور ٹی وی وغیرہ میں آ گیا۔

جناب! بات یہ ہے کہ ہمیں دیکھنا یہ ہے کہ یہ اس طرح کی حرکتیں ہوتی کیوں ہیں اس تحریک

[Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi]

استحقاق کے حوالے سے ہمیں یہ حقائق جاننے کی ضرورت ہے کہ یہ فیڈریشن سے اتنا بڑا مذاق اور وہ بھی فیڈریشن کا ایجنٹ کرتا ہے جو کہ یہاں سے اپوائنٹ ہو کر گیا ہے اور وہ گورنر جبکہ اس سے پہلے جب ضیاء الحق صاحب مرحوم یہاں صدر تھے نواب اکبر بگتی صاحب کے بیٹے کا انتقال ہو گیا تھا۔ تو وہ اس سے پوچھ کر جاتے ہیں کہ میں تعزیت کے لئے جاؤں یا نہ جاؤں وہ گورنر اس طرح کا اتنا بڑا اقدام کر کے اسمبلی راتوں رات اسمبلی توڑ دیتا ہے، اس کے پیچھے جناب کوئی بڑا ہاتھ ہے اور وہ ہاتھ ہمیں ڈھونڈنا چاہیئے۔ کیونکہ جب اگلے دن میں اور میرے ایک دوست سینیٹر محمد۔ صاحب سے ملے تو انہوں نے کہا بخدا مجھے اس کا علم نہیں تھا اور نہ ہے کہ یہ اسمبلی توڑی جا رہی ہے اور وزیر اعظم صاحبہ نے بھی قومی اسمبلی کے فلور پر یہی بیان دیا ہے اور ہمیں بھی ذاتی طور پر یہی کہا کہ مجھے کچھ علم نہیں تھا کہ راتوں رات کس طرح سے ایگریمنٹ ہوا۔ اب یہ دونوں بڑے یعنی ایک ہیڈ آف سٹیٹ اور ایک پرائم منسٹر دونوں یہ کہہ رہے ہیں کہ ہمیں کچھ علم نہیں تھا تو ہمیں ان پر اعتبار تو کرنا چاہیئے میں سمجھتا ہوں کہ وہ اتنا بڑا بیان یا اتنا بڑا کلیم ہاؤس کے فلور پر کھڑے ہو کر غلط طریقے سے نہیں کر سکتے۔ اس کے علاوہ چیف منسٹر صاحب نے خود بہ نفس نفیس یہ بیان دیا ہے کہ میں تو ۲۴ گھنٹے پہلے طارق رحیم کو استعفیٰ دے چکا تھا اس کے ہاتھ میں پکڑا دیا تھا اور کہہ دیا تھا کہ میں استعفیٰ دے رہا ہوں اب جبکہ ایک چیف منسٹر جو ۲۴ گھنٹے پہلے استعفیٰ دے چکا ہے وہ ۲۴ گھنٹے بعد گورنر کو advice کرتا ہے کہ آپ اسمبلی کو توڑ دیں میں آپ کو اس میں ایک آرٹیکل کا حوالہ دوں گا نمبر ۱۳۰۔ ۸ سب کلاز

"The Chief Minister may, by writing under his hand addressed to the Governor, resign his office."

چیف منسٹر صاحب نے کہا ہے کہ میں ۲۴ گھنٹے پہلے استعفیٰ دے چکا ہوں اور وہ ۲۴ گھنٹے پہلے والا استعفیٰ

It was supposed to be with the Governor, not with the State Minister or any other body or Minister.

اب جناب بات یہ ہے کہ اس میں جو چیف منسٹر ۲۴ گھنٹے پہلے استعفیٰ دے چکا ہے اس کی advice

پر گورنر نے عمل کیوں کیا، اور اگر گورنر نے مستعفی شدہ چیف منسٹر کے کہنے پر عمل کیا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ آرٹیکل ۴۸ آئین میں موجود ہے یہ آئین کی clear violation ہے وہ ایک فیڈریٹنگ یونٹ ہے اس یونٹ کی اسمبلی آپ توڑتے ہیں بغیر کسی سبب کے تو یہ آئین سے اور اس ملک سے بڑا مذاق میں سمجھتا ہوں کہ کبھی نہ ہوا ہے اور نہ ہوگا انشاءاللہ۔ اس سلسلے میں اپیل کرتا ہوں کہ یہ تحریک استحقاق ایڈمٹ کی جائے۔ اس کی اہمیت کو دیکھتے ہوئے اور تھرڈ پارٹی جو اس کی close observation میں ہے کہ یہ جمہوری عمل کسی طرح سے فیل ہوا اس کو سامنے رکھتے ہوئے یہ تحریک استحقاق ایڈمٹ کی جائے اور اس کے صحیح حقائق جو ہیں وہ عوام کے سامنے لائے جائیں کہ اس میں کون کون ملوث ہیں اور کس حد تک ملوث ہیں تاکہ ہم جان سکیں کہ ہماری جمہوریت کے پیچھے ۱۹۴۷ء سے لے کر آج تک کون لگا ہوا ہے۔

**جناب قائم مقام چیئرمین:** شکریہ! جناب حسن اے شیخ صاحب

**Mr. Hasan A. Shaikh:** I am grateful to you to ask me to speak before I had caught your eyes, I caught your eyes Sir. twice or thrice but you did not ask me to speak. Heaven knows what happened at that time.

**Mr. Acting Chairman:** Because I am looking in so many eyes.

**Mr. Hasan A. Shaikh:** No, no. Heaven knows what happened. I know, I am also present here Sir.

**Mr. Acting Chairman:** There are so many eyes to catch me.

**Mr. Hasan A. Shaikh:** I am making no insinuation but I am present here and I saw that I caught your eyes Sir, but you did not ask me to speak.

**Mr. Acting Chairman:** But I had already been caught by so many other eyes.

**Mr. Hasan A. Shaikh.** Sir, the position is that there are two important points which I would stress before you. One is; whether

[Mr. Hasan A. Shaikh]

the action of the Governor was *malafide* and whether that action circumstances show, was without the knowledge of the Central Government. Now, you and I and most of the Senators were present at President's dinner where the Governor was also present. The Governor is supposed to have received advice on Telephone at 3 'o' clock in the morning and that order was issued in Quetta where he could not have sent even by a Plane a written order. Obviously this order is an oral order and therefore, of no effect. The Governor did not issue a written order as required by law. You know Sir, in Tamizzuddin Khan's case question of assent came and the Supreme Court ruled because the assent was not given in writing by the President to the legislation passed by the Constituent Assembly, therefore, they ruled that it was not a part of the Statute Law of this country. You know this happens, I mean, in many countries there is no necessity for written order. In House of Commons or rather in the House of Lords, when the representatives of the Queen come, there is no Bill before them. The Speaker goes, kneels down and takes the docket and only reads the titles and they just nod their heads and that is supposed to be the assent. But our Supreme Court for reasons best known to them decided that 'no' there must be an order in writing and signed by the dignitary. Here, in this case there is no order, at least no order until the time it became effective, until the time it was announced by Radio Pakistan that the Assembly had been dissolved, therefore, clearly this was a *malafide* order.

There is another aspect of it. At 3 'o' clock if he receives the advice he could have waited until following morning but he could not wait for the following morning because he knew the Opposition would have tabled a vote of no confidence and in that case the Opposition was strong enough to get it passed. Therefore, my submission to you is, man may lie but circumstances don't lie. The Prime Minister says, "I was not consulted." The Central Government Ministers said, "we were not consulted". But circumstances show that unless they were consulted this was impossible. One honourable member said just now that the Governor wanted to go for the funeral of somebody who died and he had to take permission from the President. In those circumstances can you believe that they were not consulted? Obviously they were consulted and they are now avoiding to admit that they were consulted and they had given assent to it. My submission is that democracy does not go merely by making proclamations that we will do this and we will do that. We know

everything. I mean, I don't blame by friends who are with the Government. They have to carry on but one thing is clear if you want democracy to function in this country you must function according to the norms, conventions and practices of democratic governments.

You have not waited even for a minute to change the Governor in Lahore. Why did you do that? You are sending new officers in Lahore, why did you do that? Did the Provincial Government ask you? No. That shows that you have no respect for democracy. You have scandalized that for democracy. You are there to see that some-how or the other your party prevails in this country and I am telling you this is going to be the end of the whole story, later on. Thank you.

Mr. Acting Chairman. Thank you. Qazi Hussain Ahmed.

قاضی حسین احمد: جناب چیئرمین جیسے جناب وزیر قانون نے اعتراف کیا ہے کہ بلاشبہ یہ انتہائی قومی اہمیت کا معاملہ ہے A matter of grave national concern ان کے اپنے الفاظ ہیں۔ انہوں نے اس معاملے پر اختلاف کیا ہے اور ایک سوال کیا ہے کہ کیا یہ تحریک التوا کا موضوع ہے یا تحریک استحقاق کا موضوع ہے اس پر تو سب کو اتفاق ہے کہ ایوان کو اس پہ بحث کرنی چاہیے یہ انتہائی قومی اہمیت کا مسئلہ ہے اور اس کے دور رس نتائج ہیں۔ اس ملک کے مستقبل پر، جمہوریت کے مستقبل پر یہ دور رس اثرات چھوڑے گا۔ اس وجہ سے اس پر بحث ضرور ہونی چاہیے لیکن کیا یہ تحریک استحقاق کا موضوع ہے یا تحریک التوا کا موضوع ہے۔

جناب چیئرمین! تحریک استحقاق کیا ہے اور اس ایوان کا استحقاق کیا ہے یہ ایوان پارلیمنٹ کا ایوان بالا ہے اور اس ایوان نے یہاں جمہوریت کو بچانے کے لئے اور ایک نازک مرحلے پر اس قوم کو ایک بحران سے نکالنے کے لئے ایک تاریخی کردار ادا کیا ہے اس ایوان نے ایک ایسے وقت میں جبکہ ایک پر ہول خلا پیدا ہو گیا تھا اس ملک کو سنبھالا دیا ہے۔ اس ایوان نے جس کو حکومتی پارٹی غیر جماعتی ایوان کہتی ہے لیکن اس ایوان نے یہ حق ادا کیا ہے یہ رول ادا کیا ہے کہ اس Crises اور

بحران کے وقت جمہوریت کو بچایا بلکہ جمہوری دور کا آغاز کرایا اس لئے اس ایوان کی بہت بڑی اہمیت ہے یہ (محافظ) ہے یہاں جمہوریت کی اس ملک کی اور وفاقی اکائیوں کے تحفظ کی اس کا ایک بہت ہی اہم وصف یہ ہے کہ یہ ایک مسلسل ادارہ ہے۔ اسمبلیاں ٹوٹتی ہیں قومی اسمبلی بھی ٹوٹ جاتی ہے۔ صوبائی اسمبلیاں بھی ٹوٹ جاتی ہیں لیکن یہ ایوان برقرار رہتا ہے اور اس کے اس وصف کی وجہ یہ ہے کہ اس ملک کے اندر جب اس قسم کے حالات پیدا ہونے لگیں۔ اس میں ملک کو خطرہ ہو جمہوریت کو خطرہ ہو، آئین کو خطرہ ہو تو اس ایوان کا یہ فرض ہے کہ اس وقت یہ اپنا رول ادا کرے۔ بلوچستان اسمبلی توڑنے کا جو اقدام ہوا ہے حکومتی پارٹی اس سے برأت کا اظہار کرتی ہے حکومتی پارٹی کہتی ہے کہ حکومت کو علم نہیں تھا اور وزیراعظم کو علم نہیں تھا اور یہ اس اقدام کی پراسراریت میں مزید اضافہ کرنے والی بات ہے اگر واقعی وزیراعظم کو اس کا علم نہیں تھا واقعی حکومتی پارٹی کو اس کا علم نہیں تھا تو یہ اقدام مزید ایک پراسرار اقدام بن جاتا ہے جس پر یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ اصل وجوہات کیا ہیں۔ اندر کی سٹوری کیا ہے اس وجہ سے اور بھی زیادہ ضروری ہو جاتا ہے کہ یہ ایوان اس بات کا نوٹس لے لیکن جناب والا! حکومتی پارٹی کے طرز عمل میں ایک بڑا تضاد ہے ایک طرف تو وہ اس اقدام سے برأت کا اظہار کرتی ہے۔ اور دوسری طرف وہ اس اقدام کو ختم کرنے کے لئے اور دوبارہ بلوچستان اسمبلی کو بحال کرنے کے لئے تعاون نہیں کر رہی ہے اس اقدام پر ایک طرف وہ سودے بازی کر رہی ہے اس کو آٹھویں ترمیمی بل اور آئینی ترمیم کے ساتھ بریکٹ کر کے سودے بازی کرنا چاہتی ہے۔ دوسری طرف وزیراعظم نے خود ریفرنس پیش کرنے سے انکار کیا ہے اس کا بالکل صاف مطلب یہ ہے کہ وزیراعظم اور حکومتی پارٹی تعاون سے انکار کر رہی ہے۔ حالانکہ ان کا فرض ہے اگر ان کو علم نہیں ہے اور اس اقدام نے ملک کو اور جمہوریت کو ایک بحران سے دوچار کر دیا ہے اس نے ہمیں ایک مشکل سے دوچار کر دیا ہے تو اس کی ضرورت ہے کہ خود مرکزی حکومت آگے بڑھ کر یہ بیڑہ اٹھائے کہ وہ عدالت میں ریفرنس پیش کرنے کے لئے تیار ہے اس اقدام کو ختم کرنے کے لئے جو اقدامات ممکن ہیں وہ اقدامات اٹھانے کے لئے تیار ہے لیکن حکومتی

[ Qazi Hussain Ahmed ]

رویے میں تضاد ہے یہی چیز جناب چیئرمین! شک پیدا کرنے والی ہے ان کے اوپر جو شکوک آتے ہیں جناب چیئرمین! ادھر اسی وجہ سے آتے ہیں اگر ان کو معلوم نہیں ہے تو پھر وہ ہچکچاہٹ کیوں ظاہر کر رہی ہے وہ کیوں اس پس و پیش کر رہی ہے کیوں نہیں آگے بڑھ کر اس اقدام کا مداوا کرتی اور جمہوریت کو یہاں تباہی سے بچانے کے لئے اقدامات کرتی ۔

جناب چیئرمین! قوم کو تشویش لاحق ہو گئی ہے ابھی چند روز ہوئے ہیں نئی اسمبلیاں بنی ہیں اور نئی حکومتیں بنی ہیں لیکن روز جب لوگ اٹھتے ہیں اور اخبار پڑھتے ہیں ۔ اس بحران اور پیچیدہ صورت حال میں ایک نئے منظر کا اضافہ ہو جاتا ہے ۔ کبھی پنجاب اور مرکز کی کشمکش نئی صورت اختیار کر لیتی ہے ۔ روز روز کشمکش بڑھ رہی ہے ۔ بلوچستان کی اسمبلی کے خلاف اقدام نے پوری قوم کو ایک شکنجے میں ڈال دیا اور یہ جو کشیدگی اور tension ہے اس وقت اس کے نتیجے میں لوگوں کو خطرہ لاحق ہوا ہے کہ کہیں crash نہ ہو جائے ۔ ملک کے اوپر ایک ناتجربہ کار قیادت مسلط ہو گئی ہے جو اپنے جاہلانہ اور غیر حکیمانہ اقدامات کی وجہ سے crash کی طرف جا رہی ہے یہ اس ایوان کا فرض ہے کہ وہ اس تحریک کو یہاں پر ایک استحقاق کمیٹی کے سپرد کرے جو اس پورے معاملے پر غور کرے جس میں بلوچستان کے گورنر کو بلائیں ۔ بلوچستان کے سابق چیف منسٹر کو بلائیں ۔ وزیراعظم کی شہادت ریکارڈ کریں اور جتنے بھی اس معاملے کے ساتھ لوگ منسلک ہیں جن جن کے نام لئے جاتے ہیں تمام کو انٹرویو کرے اس معاملے کی اصل تہہ تک پہنچنے کی کوشش کرے اور جمہوریت کو بچائے ۔

اس ملک کی دو بنیادیں ہیں ۔ اسلام اور جمہوریت اور اسلام اور جمہوریت کے بغیر یہ ملک نہیں چلے گا اس ملک میں بڑے تجربے ہوئے ہیں اور یہ مسلسل تجربہ گاہ بنا ہوا ہے ۔ یہ مزید تجربات کا متحمل نہیں ہو سکتا اس لئے جناب والا! میں یہ گزارش کروں گا درخواست کروں گا کہ بہت زیادہ technicality میں پڑنے کی بجائے اس کو اہمیت دیں ایوان کو اس پورے معاملے میں ایک رول دیں اور اس تحریک استحقاق کو منظور کر کے استحقاق کمیٹی کے سپرد کر دیں اور استحقاق کمیٹی فوری طور پر اس پر active ہو جائے ۔ اس پر کام شروع کر دے اور اس معاملے کی

حقیقت سے قوم کو باخبر کردے... شکریہ!

جناب قائمقام چیئرمین: گزارش یہ ہے کہ آج کارروائی کس وقت تک چلانے کا پروگرام ہے تاکہ ایجنڈا پر بقایا جو کاروبار ہے اس کے بارے میں فیصلہ کریں

معزز اراکین:۔ ۸ بجے تک

جناب قائمقام چیئرمین:۔ میں سپیکرز کو بولنے کا موقع تو دوں گا لیکن گزارش یہ ہے کہ باقی آرڈرز آف دی ڈے پر بزنس ہے اس کا کیا بنے گا۔

جناب وسیم سجاد: وہ ختم ہو جائے گا اور وہ آئندہ.... (مداخلت)

جناب قائمقام چیئرمین:۔ اس میں کچھ چیزیں lay کرنی ہیں ان کو پہلے lay کریں پھر اسی کو continue رکھتے ہیں۔

جناب محمد طارق چوہدری:۔ یار زندہ صحبت باقی!

پروفیسر خورشید احمد:۔ قاعدہ کے مطابق اس پر گفت گو جاری رہنی چاہیے۔

جناب قائمقام چیئرمین:۔ پروفیسر صاحب یہاں ہم بڑے قاعدے relax کرتے رہے ہیں۔

پروفیسر خورشید احمد: قاعدے کے مطابق جب تک پریولیج موشن پر گفت گو جاری ہے اس وقت تک ایجنڈے پر موجود دیگر آئیٹمز پر کام نہیں کر سکتے ہیں۔

جناب قائمقام چیئرمین:۔ پروفیسر صاحب گزارش یہ ہے جی کہ..

پروفیسر خورشید احمد:۔ ہم نے "lay" پہ سوال بھی اٹھانے ہیں، ہم اس وقت قانونی نکات اٹھا رہے ہیں۔

جناب قائمقام چیئرمین: جب یہ زیر بحث آئیں گے تو آپ یہ سوال اٹھا لیجئے، ہم نے تو اس ہاؤس میں مل جل کر کام کیا ہے، اگر آپ لوگوں کی sense ہو تو یہ documents ہیں ان کو lay کرا لیتے ہیں۔

جناب وسیم سجاد:۔ جناب یہ lay ہو جائیں گے، کوئی ایسی بات نہیں ہے پہلے یہ بحث

مکمل ہو جائے۔

جناب قائمقام چیئرمین: ۔ یہ بحث بھی آج مکمل نہیں ہوگی۔ ایسی بھی کوئی بات نہیں ہے سجاد صاحب

پروفیسر خورشید احمد: ۔ آخری دس منٹ lay کرنے کے لئے مان لیتے ہیں

جناب قائمقام چیئرمین: ۔ آپ نے تو "بول" لیا ہے، باقی جن دوستوں نے بحث میں حصہ نہیں لیا وہ ناراض ہو رہے ہیں۔ جن کو اب میں وقت دے رہا ہوں، ان کو بھی گلہ ہے کہ میں کافی دیر سے وقت مانگ رہا ہوں اور مجھے وقت نہیں مل رہا ہے۔ ان کے علاوہ بھی کافی حضرات ہیں۔ اب جیسے آپ کی مرضی ہے۔ جناب حسین بخش بنگلزئی صاحب۔

میر حسین بخش بنگلزئی: ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم، آج اس معزز ایوان نے بلوچستان کے واقعہ کو، بلوچستان کے سیاسی حالات کو، محسوس کیا ہے۔ اس ایوان میں ان حالات اور واقعات اور سیاسیات کو زیر بحث لانے کے لئے جو پریویلج موشن move کیا ہے میں بلوچستان کے عوام کی طرف سے ان تمام معزز اراکین کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

آج انہوں نے اس بات کا ثبوت دیا ہے کہ سینیٹ واقعی وفاق کا symbol ہے۔ آج ان معزز اراکین نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ ملک کے اندر کوئی بھی اس قسم کا گھمبیر سیاسی واقعہ پیش آئے تو یہ واحد ادارہ ہے کہ اس مسئلہ پر اپنی رائے دے، اپنے خیالات کا اظہار کرے۔ میں اس لئے خاموش رہا کہ چونکہ میرا تعلق اتفاقاً بلوچستان سے ہے لیکن ذہنی طور پر میں ایک کٹر پاکستانی ہوں۔ تمام دوستوں نے، معزز اراکین نے جن کا تعلق ملک کے باقی وفاقی یونٹوں سے ہے، انہوں نے اس مسئلہ کو اٹھایا ہے۔ اور بلوچستان اسمبلی کے ساتھ جو سیاسی مذاق کیا گیا ہے ہم نے اس پر بحث کرنی ہے۔ بنیادی طور پر شاید یہ کہا جائے کہ ٹیکنیکلی یہ پریویلج موشن ایڈمیسبل ہے یا نہیں ہے۔ جناب ٹیکنیکلٹیز کا سہارا لے کر آپ اتنے بڑے واقعہ کو نظر انداز نہیں کر سکتے اور جہاں تک ٹیکنیکل نکات کا تعلق ہے میرے فاضل دوستوں نے بالخصوص پروفیسر خورشید احمد صاحب اور جناب احمد میاں سومرو صاحب نے ان تمام نکات کا بالتفصیل حوالہ دیا ہے کہ

جس کے ذریعہ technically یہ موشن admissible ہے اور اس کے علاوہ جب ہاؤس اس پریویلج موشن کو ایڈمٹ کرے گا تو اس وقت ہم کھل کر اپنے خیالات کا اس پر اظہار کریں گے۔ چونکہ وقت کی کمی کی بات ہے، اتنے بڑے واقعہ کو کیسے لوگ بھول سکتے ہیں کہ دستور موجود، وفاق میں قومی اسمبلی موجود، وفاق کے اندر وزیراعظم موجود، وفاق کا symbol ملک کا صدر موجود اور Holiday Inn کے کسی کمرے میں گورنر صاحب صرف ایک ٹیلی فون پر چیف منسٹر کے کہنے پر صوبہ بلوچستان کی اسمبلی کو توڑ دیتے ہیں۔ یہ بلوچستان کے غریب، مگر باشعور اور غیور عوام کے ساتھ ایک سیاسی اور کھلا مذاق ہے۔

جناب والا! میں آپ کے توسط سے اس ادارے کا اعادہ کرنا چاہتا ہوں کہ تمام وہ لوگ جنہوں نے ۱۹۷۳ میں بلوچستان کے ساتھ سیاسی مذاق کرنے کی کوشش کی، آخر دم تک وہ اپنے ان سیاسی زخموں کو چاٹتے رہے اور ان کے سیاسی زخم آج تک مندمل نہیں ہو سکے لہٰذا بلوچستان کے ساتھ سیاسی مذاق اس ملک کے وجود کے ساتھ مذاق ہے اور ہم بلوچستان کے لوگ اس قسم کے مذاق کو نہ برداشت کرتے ہیں اور نہ اس کی اجازت دیتے ہیں۔

جناب والا! میں آپ کی وساطت سے بلوچستان کے عوام کی طرف سے ایک اور بات پاکستان کے عوام کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں کہ تمام وہ لوگ، تمام وہ ذہان جو یہ سوچتے ہیں یا تمام وہ لوگ جنہوں نے کوئی پروگرام اس حوالہ سے ترتیب دیا ہے کہ وہ پاکستان کو توڑنے کی ابتدا بلوچستان میں سیاسی بدامنی پیدا کر کریں گے تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ بلوچستان کے عوام اول اور آخر، صرف اور صرف پاکستانی ہیں۔ ایسا کوئی پروگرام کامیاب ہو، یہ خیال ہے یہ محال ہے یہ جنون ہے اگر کسی کا ذہن سے کسی بھی پاکستان کے دشمن نے اپنے ذہن میں کوئی ایسا پروگرام بنایا ہو کہ وہ بلوچستان میں آگ لگا کر پاکستان کو توڑ دے گا تو یہ خیال کبھی بھی پایۂ تکمیل کو نہیں پہنچے گا۔ ہم اولاً و آخراً پاکستانی ہیں اور یہ پاکستان ہمارا ملک ہے، ہمیں اس پر فخر ہے۔ لہٰذا جناب والا! اتنے بڑے واقعہ کو technical points کا سہارا لے کر reject نہیں کیا جا سکتا اور نہ اس کو کیا جانا چاہیئے۔ لہٰذا میں آپ

[Mir Hussain Bakhsh Bangulzai]

کی خدمت میں اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آج پاکستانی قوم اور بلوچستان کے عوام خصوصاً، یہ حقائق جاننا چاہتے ہیں کہ اس سیاسی مذاق کے پس پردہ وہ کون سے عوامل ہیں، وہ کون سی وجوہات پنہاں ہیں کہ جن کی وجہ سے بلوچستان کے سیاسی حقوق پر اس طریقے سے ڈاکہ ڈالا گیا ہے ہٰلذا میں ان الفاظ کے ساتھ اس بات کی تائید کرتا ہوں کہ اس پریویلج موشن کو ایڈمٹ کیا جائے اور ہاؤس میں اس پر بحث کی جائے ۔ شکریہ !

جناب قائمقام چیئرمین : ۔ شکریہ ! جناب ڈاکٹر محبوب الحق صاحب ۔

Dr. Mahbubul Haq: Mr. Chairman, I shall confine my remarks to why this privilege motion should be admitted and what should be the role of the Committee on Privileges and Procedures in dealing with this motion.

I think, Mr. Chairman, we are all agreed that whatever the legalities of the issue may be, politically the dissolution of the Baluchistan Assembly has been a very damaging action. It has called into question the credibility of our democratic process, the considerable goodwill we had built up nationally and internationally. There has been a certain loss in that and suddenly for fault of thier own the Baluchistan people have been dis-enfranchised. The Provincial Assemblies are working in the other three Provinces but not in Baluchistan and we as Senators and as this House have lost our electoral college in one of the four Provinces. Now the question that has been debated again and again for the last one week in the press and now here is; was it a constitutionally correct action, was it legally correct? All the time Article 112 (1) are being invoked. Mr. Chairman, I would like to suggest that there are at least seven areas of doubt whether constitutionally this Article 112 (1) were correctly invoked or not.

First area of doubt is whether a Chief Minister who had not got a vote of confidence or a majority could so advise the Governor to dissolve the Assembly?

The second area of doubt is whether the Chief Minister had resigned 24 hours earlier as he himself suggests and was he in a position to advise the Governor?

The third area of doubt is whether even though there was no no confidence motion actually moved, every informed person in Pakistan knew that there was a threat or at least the danger of a no confidence motion to be moved and whether that should have been taken into account?

The fourth area of doubt is that all provisions of the Constitution which give discretionary powers have to be used within reason in reasonable circumstances. When should such a provision be utilized? That is, when there has been a prolonged political deadlock, a number of people have been asked to form the government and have failed to do so or should it be invoked straightaway in the first week without giving a political chance to any person to see whether an alternative will work better? Also what are those framework of reasonable circumstances in which a discretion that has been given to the Chief Minister, should be utilized?

The fifth area of doubt is the indecent haste with which the Governor acted at 3, 'O' clock in the morning especially when the Governor knew full well that the budget has yet to be passed and it will create a constitutional crisis which it did and a reference had to be sent to the Supreme Court. When he knew that the 48 hours could be useful both in passing the budget as well as in having conferences with the Centre and others politically concerned; after all the Governor and Chief Minister are there not for the legal expertise to be exercised in the middle of the night but for the political skill. Was there indecent haste in this and there is an area of doubt why such indecent haste?

The sixth area of doubt is; was this only verbal advise, was there anything written?

So far it is amazing that Assembly is dissolved and internationally it is commented on by all newspapers. Nothing has appeared as to whether the Chief Minister sent a written advice and what is the text of that advice and the circumstances that he invoked and the arguments that he gave and whether the Governor accepted in writing and what is the text of that order and what were those historic circumstances on the basis of which he invoked the dissolution of the Assembly so that we can look back to this reference and the circumstances to see why this precedent was set.

[Dr. Mahbubul Haq]
There is a reasonable doubt whether there has been anything in writing and if it was how it was conveyed back and forth at 3, O'clock in the night between Quetta and Islamabad ?

And the seventh area of doubt and suspicion and allegations and rumours is whether there was any consultation with the Centre? If there wasn't, it sets a very unfortunate and dangerous precedent for relations between the Centre and the Provinces. It threatens in future the very fabric of our Federation and we as Senate who are responsible in fact who are the symbol of the unity of this Federation where all provinces are equally represented where we have to see and take note of anything that happens in any one of the provinces because we are the custodians of their interests. Are we to believe that this is the right precedent for now or later that there should be no consultation between the Province and the Centre?

These Mr. Chairman, are the seven legitimate areas of doubt. Now, how are they to be settled? Are we to accept them quietly in a democratic process and say it happened and let us go into the next elections? How are they settled in any democracy outside? Outside Sir, public prosecuters are appointed so they can establish each and every fact. All the evidence is taken, all the documentation is established, all the calls which went back and forth are monitored, all the written records are published and that is how healthy democratic traditions emerge, that is how 'water gates' were investigated and all other issues. So, it comes out clearly as to who was involved and who was not and how it should be done in future and democracies learn from these experiences. We would have been very happy, Sir, as Senators if such an action would have been taken immediately by the Government and a judge of the Supreme Court had been appointed or public prosecutor to establish every fact both that night and the weeks before so that the national press could look at facts not rumours. We as legislatures could look at facts not allegations and the nation could look at facts and not speculations. At least we are entitled to that and this brings me to the vital point Mr. Chairman as to why we say that this privilege motion should be admitted and be referred to the Committee on Privileges and Procedures. It is not to embarrass the Government. This Senate always has taken up the national interest. We have risen above narrow political and partisan considerations and this is a tribute to this Senate throughout its existence in the last three years. Today since we do not have that

recourse of having a public prosecutor establishing these facts, we do not have that recourse of Supreme Court taking it into cognizance and establishing the facts. The only way it could be done, I believe, if it is referred to the Committee on Privileges and Procedures and they should be given a broad mandate in a bipartisan spirit to go over all these areas of doubt and establish what the facts are, get all the evidence, so that it should come out and I will go further that the mandate should be broader. They should also see whether they can suggest for our benefit any amendments either in the Constitution or in the procedures and traditions with which these things work so that there is no repitition of this kind of thing in future. If we have done that Mr. Chairman, then we would have served our role as Senators and as legislatures, as members of this august House and it is in that spirit I will request the Government, I will request all of us to rise above partisan considerations and to establish exactly what happened that night, that night of darkness for the democracy, what happened to Jamali Gate? Let this be investigated carefully, objectively, dispassionately so that the nation then can draw its own conclusions as to what should be done in future. I thank you Mr. Chairman.

**Mr. Acting Chairman:** Thank you. Further discussion on this motion is deferred to some other day and now I have received a message regarding the passage of the Federal Employees Benevolent Fund and Group Insurance (Amendment) Bill...

*(Interruption)*

**Mr. Ahmedmian Soomro:** Sir, unless you dispose of the privilege motion my respectful submission is...

*(Interruption)*

**جناب محمد طارق چوہدری**:۔ رات بھر چلنے دیں جی۔

**Mr. Acting Chairman:** We can not dispose of this privilege motion today, I think it will be advisable to defer it to some other day.

**پروفیسر خورشید احمد**: جناب چیئرمین! پریویلج موشن پر بحث continue ہو سکتی ہے۔ لیکن

قبل اس کے کہ آپ اگلی چیز کی طرف جائیں کیا میں یہ سوال اٹھا سکتا ہوں کہ یہ requisitioned session ہے ۔ اور requisitioned session میں requisition کرنے والوں نے جو ایجنڈا دیا تھا وہ آج کے Orders of the Day میں شامل نہیں ہے۔ ایسا کیوں ہے؟ ہم نے دو آئٹم دیئے تھے۔ نمبر ۲ آئٹم ایجنڈے پر بہت پیچھے شامل کیا گیا اور پہلا آئٹم اس میں شامل نہیں ہے۔

جناب قائمقام چیئرمین :۔ پروفیسر صاحب۔ اگر آپ اسے پڑھ لیں تو یہ اس میں شامل ہے۔

پروفیسر خورشید احمد :۔ جی ۔ مجھے بتائیں ۔ I am ready for education

Mr. Acting Chairman: It is here. Further discussion on the following reports of the Council of Islamic Ideology

پروفیسر خورشید احمد :۔ ذرا requisition بھی نکال لیں ۔ جو requisition تھی اس میں بھی آپ دیکھ لیں کہ ہم نے کیا ایجنڈا دیا تھا آپ کو۔

جناب قائمقام چیئرمین :۔ پروفیسر صاحب ۔ اسے آئٹم کے ساتھ adjust کیا تھا۔

پروفیسر خورشید احمد :۔ کس کے ساتھ؟

جناب قائمقام چیئرمین :۔ آئٹم کے ساتھ ۔ day to day جو working ہے ۔ اب دوسرے دن اس کو لائیں گے ۔

پروفیسر خورشید احمد :۔ دیکھئے requisitioned meeting ایک constitutional obligation ہے دستور ہمیں حق دیتا ہے اور شاید پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ requisitioned meeting ہو رہی ہے۔ سینیٹ کی یا نیشنل اسمبلی کی۔ میرے علم میں نہیں ہے کہ اس سے پہلے ۔ ۔ ۔

جناب قائمقام چیئرمین :۔ پروفیسر صاحب کوئی موشن دیتے ہیں آپ نے؟ نوٹس دیا ہے ؟

پروفیسر خورشید احمد :۔ جی بالکل دیا ہے۔ اس کے اندر ہم نے دو آئٹم دیئے ہیں پہلا آئٹم یہ دیا ہے کہ جو requisitioned slip میں جو motion ہے ۔ میں آپ کو پڑھ کر سناتا ہوں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین :۔ اس میں موشن بھی دینا تھا آپ نے تو لکھ کر دیا لیکن کوئی separate motion آپ نے نہیں move کیا ۔ وہ نوٹس میں تو آپ نے بے شک دیئے ہوں گے لیکن اس کا separate motion آپ نے move نہیں کیا ۔

پروفیسر خورشید احمد :۔ separate motion کی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔ ہم نے جو requisition کیا ہے ۔ اس میں ہم نے یہ دو چیزیں دی ہیں

To discuss the political situation in the country, following general elections to the National Assembly and to discuss the report of Islamic Ideology Council and any other item standing in the last of business.

یہ دو آئٹم ہم نے specifically دیئے ہیں اس کے اندر ۔ اور انہیں لازماً آنا چاہیئے تھا ۔

(قطع کلامی)

جناب قائم مقام چیئرمین :۔ وہ صحیح ہے ۔ لیکن آپ بخوبی جانتے ہیں اور سب سے زیادہ تجربہ آپ کا ہے کہ کوئی بھی ڈسکشن بغیر موشن move کئے اس ایوان میں نہیں ہو سکتی ہے ۔ اس لئے موشن دینا ضروری ہے ۔

پروفیسر خورشید احمد :۔ سوال ہی نہیں پیدا ہوتا ۔

(مداخلت)

جناب قائم مقام چیئرمین :۔ موشن آیا تو آپ نے move کیا تب ہی آپ کو اجازت ملی ہے شیخ صاحب ۔ اگر آپ نے موشن move نہیں کیا تو کہاں سے آپ کو اجازت ملی ۔ وہ requisition تھی ۔ موشن الگ سے move کرنا پڑے گا ۔

پروفیسر خورشید احمد :۔ جناب والا ، requisitioned motion کے دو پہلو تھے ۔ ایک اس کے اندر یہ تھا کہ House call کیجئے اور دوسرا یہ تھا کہ یہ چیز discuss کیجئے ۔ ہم نے اس میں دو باتیں کہی ہیں ۔

جناب قائم مقام چیئرمین :۔ لیکن اس میں میرے خیال میں الگ move کرنا پڑے گا ۔

پروفیسر خورشید احمد:۔ میرے خیال میں یہ بات درست نہیں ہے ہم سب جو movers ہیں ان کی طرف سے یعنی دو چیزیں ہم نے move کی ہیں

(1) Call the Senate in session (2) discuss the following two things

ان دونوں کے درمیان آپ نے فرق کیسے کیا۔

جناب قائمقام چیئرمین :۔ پروفیسر صاحب رول میں تو یہی ہے۔

پروفیسر خورشید احمد:۔ دکھائیں کہاں ہے رول کے اندر۔ یعنی کس بنیاد پر آپ ہماری موشن کا dissection کر رہے ہیں۔ ایک چیز لے رہے ہیں اور ایک چھوڑ رہے ہیں۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی:۔ جس کام کے لئے ہاؤس بلایا تھا وہی نہ ہوا تو پھر کیا ہوا!

جناب قائمقام چیئرمین :۔ requisition پر پروفیسر صاحب بغیر موشن move کئے کیسے ہو سکتا ہے۔ موشن تو آپ کو move کرنا پڑے گا۔

پروفیسر خورشید احمد :۔ تیس بتیس افراد نے وہ موشن move کیا ہے۔

جناب قائمقام چیئرمین :۔ نہیں وہ ہاؤس کو requisition کرنے کے لئے تھی۔

پروفیسر خورشید احمد:۔ دونوں کے لئے تھی۔

requisition and discussion on a certain agenda.

جناب قائمقام چیئرمین: میرا تو خیال یہ ہے کہ جی کہ آپ کو motion move

قاضی حسین احمد:۔ ایک requisition آپ کو دے دی گئی۔

جناب قائمقام چیئرمین:۔ وہ requisition ہے قاضی صاحب وہ موشن نہیں ہے۔

قاضی حسین احمد:۔ جناب والا! اسی میں یہ کہہ دیا گیا۔

جناب قائمقام چیئرمین:۔ اسی میں کہہ دیا گیا لیکن still it is a requisition

قاضی حسین احمد:۔ اس کو discuss کرنے کے لئے requisition ہے لیکن یہ موشن ہے۔

Mr. Acting Chairman: It is a requisition Qazi Sahib not a motion. I am sorry.

Mr. Ahmedmian Soomro: This House is meeting today in pursuance of a requisition for a particular purpose and that itself is the purpose of this meeting today. It is not an ordinary session.

Mr. Acting Chairman: But for that purpose you have to move a separate motion also.

Mr. Ahmedmian Soomro: When it is requisitioned for a particular purpose under what rules should we move a motion? What is it summoned today for? And summoned by you, not by the usual course.

Mr. Acting Chairman: That is right summoned by the Chairman of this Senate on your requisition.

Mr. Ahmedmian Soomro: On a requisition, for what? What is a requistion? It is specified in the requisition that it is requisitioned for a particular purpose and that could be the only purpose which would be disposed of when you meet in pursuance of that requisition.

Mr. Acting Chairman: You had requisited for summoning the House, and the House has been summoned.

*(Interruption)*

Mr. Acting Chairman: What do you want to do Professor Sahib? Ok, let us bring it to an end. Let us not go to the debate.

پروفیسر خورشید احمد:۔ آپ باقاعدہ اس کی کارروائی پرسوں جاری رکھیں اور یہ سب سے پہلا آئٹم رکھیں discussion on the political situation and so on and so forth.

جناب قائمقام چیئرمین:۔ لیکن پھر بھی آپ کو موشن تو move کرنا پڑے گا۔۔۔

(مداخلت)

پروفیسر خورشید احمد:۔ آپ کوئی رول دکھائیں۔

جناب قائمقام چیئرمین:۔ رول آپ کو دکھا دیں گے۔ آپ چیمبر میں آئیں۔

**Akhunzada Behrawar Saeed:** Is this House guided by the Rules and Procedures?

جناب احمد میاں سومرو:۔ جناب اگر آپ رول بتا دیں تو ہم اب بھی move کر سکتے ہیں۔ آپ بتائیں کون سے رول کے تحت ہم کریں۔

جناب قائمقام چیئرمین:۔ ابھی تو نہیں بتا سکتا۔ آپ کیا کہہ رہے ہیں پروفیسر صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد:۔ میں آپ کی توجہ مبذول کرا رہا ہوں خود سینیٹ کے ایک circular کی طرف

F-86/88-Legislation dated 17th

جس میں requisitioned meeting جس بنیاد پر call کیا گیا ہے اور اس کے بعد دیا گیا ہے کہ

Government business likely to be brought before the Senate during the session: (1) Election of the Chairman; (2) To discuss the political situation in the country; (3) To discuss the reports.

جیسا کہ ہم نے دیا ہے۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ

You have already accepted that as one of our motions but now it is missing in the Orders of the Day and it is a very fundamental question. It should have been incorporated in the Orders of the Day. Even if we have no time you can postpone discussion but inclusion in the Orders of the Day as the first item for discussion was essential.

جناب شاد محمد خان:۔ پوائنٹ آف آرڈر سر۔ جناب والا کیا یہ بہتر نہ ہوگا کہ سیکرٹری صاحب آپ کی کرسی پر بیٹھ جائیں اور آپ نیچے آ جائیں۔

جناب قائمقام چیئرمین:۔ بہتر تو یہ ہوگا شاد محمد صاحب آپ یہاں آ جائیں۔ تاکہ نہ سیکرٹری صاحب بیٹھیں نہ میں بیٹھوں، آپ بیٹھیں یہاں پر۔

پروفیسر خورشید احمد:۔ یہ تو ۲۴ تاریخ کو طے ہوگا۔

جناب قائمقام چیئرمین:۔ ہم ۲۴ کو بھی کوئی بات نہیں پروفیسر صاحب۔ ہم ۲۴ کو بھی دیکھ لیں گے اگر یہ بات ہے تو۔۔۔

(مداخلت)

**Mr. Acting Chairman:** No, if it is the personal remarks then we will sit on 24th also.

Prof. Khurshid Ahmed: No, no.

Mr. Acting Chairman: It is, yes, he has passed.

*(Interruption)*

An honourable Member: It may be expunged.

Mr. Acting Chairman. I don't mind if it remains on the record.

Prof. Khurshid Ahmed: It has nothing to do with your person, Mr. Chairman.

Mr. Acting Chairman: It was.

Prof. Khurshid Ahmed: No, nothing.

Mr. Acting Chairman: Yes, because for the time being I am occupying the Chair.

Prof. Khurshid Ahmed: If you feel so, I have never intended that.

Mr. Acting Chairman: Sir, I am occupying the Chair, it is being referred to me.

Prof. Khurshid Ahmed: Sir, you have yourself offered to come down.

*(Interruption)*

مولانا سمیع الحق :- میرا ایک پوائنٹ آف آرڈر ہے اور چونکہ آپ کارروائی مزید آگے بڑھا رہے ہیں تو میں قاعدہ ۵۹ کے تحت دو بھیج بھی چکا ہوں call attention notice چونکہ یہاں محترم وزیر قانون صاحب بھی ہیں اور شاید ایوان کے علم میں نہیں ہے تو ایک آپ کی وضاحت ذرا چاہتا ہوں کہ آج اخبارات میں آیا ہے کہ صدر نے ۔۔۔ چونکہ نئی بات شروع ہو رہی ہے ۔۔۔

(مداخلت)

جناب قائمقام چیئرمین :۔ مولانا صاحب آپ تشریف رکھیں۔ آپ یہ decide نہیں کر رہے کہ آپ نے اس ہاؤس کو چلانا ہے اور کس طرح چلانا ہے۔

مولانا سمیع الحق :۔ میں نے call attention کے لئے ۹۵ کے تحت نوٹس دیا بھی تھا۔ اور وہ بھی ایجنڈے پر نہیں آیا تو جناب وزیر قانون صاحب سے صرف یہ معلوم کرنا چاہ رہا ہوں کہ کیا نفاذ شریعت آرڈیننس واقعی ختم ہو چکا ہے۔ یہ ایوان اس پر بہت محنت کر چکا ہے۔ اور آج جنگ کی ہیڈ لائن ہے پورے ملک میں کہ نفاذ شریعت آرڈیننس مجریہ ۱۹۸۸ء پیپلز پارٹی کی حکومت نے قومی اسمبلی میں پیش نہ کرکے۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب قائمقام چیئرمین :۔ آپ تشریف رکھیں مولانا صاحب

مولانا سمیع الحق :۔ یہ ضروری مسئلہ ہے یہ بلوچستان سے بڑا شب خون مارنے والا مسئلہ ہے

جناب قائمقام چیئرمین :۔ آپ نے اس سے پہلے شب خون مار لیا۔ تشریف رکھیں۔

مولانا سمیع الحق :۔ اتنی بڑی محنت سے جو چیز آگے بڑھی تھی۔ اس کے بارے میں آج یہ اخبار میں آیا ہے کہ قومی اسمبلی میں چونکہ وہ بروقت دوبارہ پیش نہیں ہوا۔ اور زائد المیعاد ہونے کی وجہ سے وہ کالعدم ہوگیا ہے تو اس سے کروڑوں مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں یہاں کے سینٹ میں وہ پاس تھا اور رائے عامہ ساری اس کے حق میں تھی پھر صدر غلام اسحاق صاحب نے دوبارہ اس کو جاری بھی کر دیا تھا۔ انتخابات سے پہلے۔۔۔۔۔

جناب میں وزیر قانون صاحب سے صرف اتنا عرض کرتا ہوں کہ وہ اس کی قانونی پوزیشن بتلائیں کہ کیا نفاذ شریعت آرڈیننس ختم ہوا یا نہیں ہوا، ہم ان سے صرف ایک وضاحت چاہتے ہیں۔

جناب قائم مقام چیئرمین : یہ آپ کا پوائنٹ آف آرڈر نہیں بنتا ہے۔

مولانا سمیع الحق صاحب : اگر وزیر قانون صاحب وضاحت کر دیں تو آپ کو کیا اعتراض ہے۔

جناب قائمقام چیئرمین : جب اس کا موقع آئے گا تو بتا دیں گے ، اس وقت مولانا صاحب آپ تشریف رکھیں۔

مولانا سمیع الحق : یہ قاعدہ ۵۹ اسی لئے رکھا گیا ہے کہ قوم اور ملک کو کوئی اہم ترین مسئلہ درپیش آجائے۔

جناب قائمقام چیئرمین : مولانا صاحب آپ تشریف رکھیں۔

مولانا سمیع الحق : قاعدہ ۵۹ کے مطابق میں نے آپ کو کال اٹینشن نوٹس بھی دیا ہے اور آپ کے ہاں میری دوسری تحریک استحقاق ہے وہ بھی ایجنڈے پر نہیں ہے . . .

جناب قائمقام چیئرمین : مولانا صاحب آپ کا کال اٹینشن نوٹس اپنی ٹرن پر آجائے گا آپ تشریف رکھیں۔

مولانا سمیع الحق : کیسے آئے گا۔

جناب قائمقام چیئرمین : جیسے آتا ہے۔

مولانا سمیع الحق : اسی لئے یہ قاعدہ بنایا گیا کہ اسی دن وہ آجائے۔

جناب قائمقام چیئرمین : اسی دن یہ سب کچھ نہیں ہو سکتا۔

مولانا سمیع الحق : اسی دن آسکتا ہے ، قاعدہ ۵۹ آپ پڑھ لیں۔

جناب قائمقام چیئرمین : مولانا صاحب مہربانی کر کے آپ تشریف رکھیں۔

مولانا سمیع الحق : میں کیسے تشریف رکھوں ، قاعدے کی خلاف ورزی آپ کر رہے ہیں۔

جناب قائمقام چیئرمین : تو پھر میں سارجنٹ کو بھیجتا ہوں کہ وہ آپ کو تعظیم سے باہر لے جائے۔

مولانا سمیع الحق : آپ مجھے قاعدہ پڑھ کر بتائیں کہ کیا اس کا حق بنتا ہے یا نہیں۔

جناب قائمقام چیئرمین : اس کا حق آج نہیں بنتا ہے۔

مولانا سمیع الحق : کیوں نہیں بنتا ، کال اٹینشن اسی لئے ہے۔

جناب قائمقام چیئرمین : جب میں نے کہہ دیا ہے کہ نہیں بنتا تو اب استحقاق کا تو سوال

ہی پیدا نہیں ہوتا۔

مولانا سمیع الحق: یہ تو آپ کی مرضی ہے، کیسے وہ نہیں بنتا، آپ قاعدہ پڑھ کر دیکھیں جناب وسیم سجاد صاحب اور دیگر وکلاء حضرات موجود ہیں وہ بھی اس پر روشنی ڈالیں کہ کیا وہ بنتا ہے یا نہیں، احمد میاں سومرو صاحب آپ بتائیں، جناب چیئرمین صاحب کو بتانا ہی پڑتا ہے، سیکرٹری صاحب کو بتانا پڑے گا یا آپ کو بتانا پڑے گا۔

جناب قائمقام چیئرمین: مولانا سمیع الحق صاحب آپ تشریف رکھیں، اب میں کیا عرض کروں آپ بزرگ ہیں اسی طریقے سے ان ہی باتوں کا جواب میں آپ کو بھی دے سکتا ہوں لیکن آپ تشریف رکھیں تو بہتر ہے۔

مولانا سمیع الحق: نہیں، نہیں حضرت میں نے آپ کے بارے میں کوئی گستاخی کی بات نہیں کی میں نے عرض کیا ہے کہ اگر میری وہ چیز قاعدے کے مطابق ہے تو لائی جائے۔

جناب قائمقام چیئرمین: قاعدے کے مطابق آج نہیں ہے جناب، ایک کال اٹینشن نوٹس آج پہلے ہی لگا ہوا ہے ایک دن میں دو نہیں لگ سکتے ہیں، ایک پہلے آیا ہوا ہے۔ اور لگا ہوا ہے آپ اس کو پڑھیں، آرڈر آف دی ڈے آپ پڑھتے نہیں ہیں تو اب میں کیا عرض کروں۔

جناب احمد میاں سومرو: اگر مولانا صاحب پوچھتے ہیں تو میں ایک عرض کروں اس میں ہے کہ یہ نوٹس sitting سے دو گھنٹے پہلے دینا پڑتا ہے۔

مولانا سمیع الحق: دو گھنٹے پہلے دیا ہے۔

جناب قائمقام چیئرمین: دو گھنٹے پہلے دیا ہے لیکن سومرو صاحب ایک کال اٹینشن نوٹس آج کے ایجنڈے پر پہلے ہی سے ہے اور رولز کے تحت ایک دن میں ایک ہی ہو سکتا ہے مولانا صاحب ویسے ہی گرمی کھا رہے ہیں تو اس کا کیا علاج ہے۔

مولانا سمیع الحق: گرمی کی بات نہیں ہے، ایوان نے بڑی محنت سے اس چیز کو پاس کیا ہے۔

جناب قائمقام چیئرمین: ۔ مولانا صاحب آپ تشریف رکھیں ، آپ کی باری آئے گی ، آپ گیارہ سال میں شریعت نافذ نہ کر سکے تو اس ایک دن میں بھی نہیں ہو سکے گی اگر آج نہیں آیا تو کل آ جائے گا ۔

مولانا سمیع الحق: ۔ گیارہ سال کی محنتیں ایک ہی دن میں اس طرح سبوتاژ کر دی جائیں تو پھر ۔ ۔ ۔

جناب اعتزاز احسن: ۔ جناب چیئرمین ! مولانا صاحب اتنے agitated نہ ہوں صرف اخبار اور صرف اخبار کی خبر پر یا اطلاع پر نہ جائیں اور محض آج کا آرڈر آف دی ڈے پڑھ لیں ۔

جناب قائمقام چیئرمین: ۔ وہ پڑھنے کی زحمت کریں ناں جی ۔ ۔ ۔

جناب اعتزاز احسن: ۔ اس میں نمبر ۱۳ ایٹم میں آج

Enforcement of Sharia (Revised) Ordinance 1988

Table کرنے والا تھا اگر مجھے مہلت دیتے لیکن یہ ساری کارروائی اخباروں پر ، استعفے وغیرہ سب کچھ اخباروں پر چل رہے ہیں ، جناب چیئرمین ! یہ اگر ایجنڈا دیکھیں یعنی آج کا آرڈر آف دی ڈے دیکھیں ان کی بات کا جواب اس میں موجود ہے ۔

مولانا سمیع الحق: ۔ حضرت میں یہی وضاحت چاہتا تھا کہ کیا اخبار کی خبر غلط تھی ۔

جناب قائمقام چیئرمین: ۔ تو آپ پڑھیں مولانا صاحب اب آپ کو ہم تو نہیں پڑھا سکتے ، آپ تشریف رکھیں اس میں لکھا ہوا ہے

مولانا سمیع الحق: ۔ اگر اخبار کی خبر ٹھیک نہیں ہے تو آپ اتنا بتلا دیتے کہ اخبار کی اطلاع صحیح نہیں ہے ۔

(مداخلت)

مولانا سمیع الحق: ۔ اس میں تو ساری چیزیں بدل گئی ہیں جاوید جبار صاحب کی ایک تحریک بھی آ رہی ہے ، یہ تو پرانا ایجنڈا آپ بار بار چھاپ رہے ہیں کیا جاوید جبار صاحب آج اپنی تحریک پیش کریں گے ایسی نے ایجنڈ پڑھا ہے ۔

جناب جاوید جبار: ۔ جناب چیئرمین ! آئٹم ۲ دیکھئے گا ۔

جناب قائمقام چیئرمین :۔ جب ہاؤس کی بات بنتی نہیں ہے تو پھر تحاریک التوا ہی لے لیتے ہیں۔

پروفیسر صاحب آپ تحریک التوا پڑھ دیجئے۔

پروفیسر خورشید احمد: پہلے وزیر صاحب کو ٹیبل پہ آرڈیننس lay کرنے دیں۔

جناب قائمقام چیئرمین :۔ جناب میں نے تو وہی کہا لیکن اس میں بھی آپ نے agree نہیں کیا

پروفیسر خورشید احمد :۔ جو اس کا قاعدہ ہے اس کے مطابق چلیں تاکہ وہ پہلے کہیں کہ میں ٹیبل کرنا چاہتا ہوں، پھر ہم کہیں کہ آیا اس پر ہمیں کوئی اعتراض ہے یا نہیں۔

جناب قائمقام چیئرمین :۔ جناب میں نے وہ قاعدے کی بات کی لیکن آپ نے بیچ میں دوسری ہی بات ڈال دی کہ جی ہم نے وہ نوٹس دیا ہے وہ نہیں آیا میں تو یہی چاہ رہا تھا کہ دس منٹ پہلے آپ نے agree کیا تھا کہ آخری دس منٹ میں ان کو ہم ٹیبل کرنے دیں گے۔

پروفیسر خورشید احمد :۔ وہ مسئلہ تو پیچھے آن ریکارڈ لانا تھا۔ صحیح ہے ناں۔

جناب قائمقام چیئرمین :۔ چلو اچھا ہوا جی، سارے مسئلے ریکارڈ پر آ گئے، قومی اسمبلی سے message ہے

## MESSAGE: THE BENEVOLENT FUND AND GROUP INSURANCE (AMENDMENT) BILL 1988

**Mr. Acting Chairman:** "In pursuance of Rule 109 of the Rules of Business and Conduct of Business in the National Assembly, 1973, I have the honour to inform the Senate Secretariat that the National Assembly passed the Federal Employees the Benevolent Fund and Group Insurance (Amendment) Bill, 1988. A copy of the Bill is transmitted herewith".

## ORDINANCES – LAND ON THE TABLE OF THE HOUSE

**Mr. Aitzaz Ahsan:** Mr. Chairman, I beg to lay before the Senate the following Ordinances as required by clause(2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan and these are:—

(1) The Registration of Printing Press and Publication Ordinance, 1988.

[Mr. Aitzaz Ahsan]

(2) The Delimination of Constituencies (Second Amendment) Ordinance, 1988.

(3) The Bank (Nationalization) (Amendment) Ordinance, 1988.

(4) The Banking Companies (Amendment) Ordinance, 1988.

(5) The political Parties (Amendment) Ordinance, 1988.

(6) The Representation of the People (Amendment) Ordinance, 1988.

(7) The Code of Criminal Procedure (Amendment) Ordinance, 1988.

(8) The Pakistan Arms (Amendment) Ordinance, 1988.

(9) The Suppression of Terrorist Activities (Special Courts) (Amendment) Ordinance, 1988.

(10) The Criminal Law (Amendment) Ordinance, 1988.

(11) The Special Courts for Speedy Trials (Amendment Ordinance, 1988.

(12) The International Islamic University (Amendment) Ordinance, 1988.

(13) The Enforcement of Shariah (Revised) Ordinance, 1988.

(14) The Islamabad Real Estate Agents and Motor Vehicles Dealers (Regulation of Business) (Amendment) Ordinance, 1988.

(15) The Suppression of Terrorist Activities (Special Courts) (Second Amendment) Ordinance, 1988.

(16) The Representation of the People (Second Amendment) Ordinance, 1988.

(17) The Representation of the People (Third Amendment) Ordinance, 1988.

(18) The National Registration (Amendment) Ordinance, 1988.

(19) The Delimitation of Constituencies (Third Amendment) Ordinance, 1988.

(20) The National Tariff Commission Ordinance, 1988.

(21) The Civil Servants (Amendment) Ordinance, 1988 and

(22) The Transfer of Managed Establishments (Amendment) Ordinance, 1988.

**Mr. Acting Chairman.** Mr. Ahmedmian Soomro, on point of order.

**Mr. Ahmedmian Soomro:** Sir, the Ordinances that have been laid before us, we would like to know from the honourable Minister which of them have already expired?

**Mr. Aitzaz Ahsan:** Actually, if the ordinances had expired these would not be laid. They were made in starting between September to November. So, they have not expired so far. There is four months validity. They are in force.

**Mr. Ahmedmian Soomro:** None of them?

**Mr. Acting Chairman:** Prof. Khurshid Ahmed.

**پروفیسر خورشید احمد:**- میں وزیر عدل سے یہ جاننا چاہوں گا دستور کی رو سے جو تقاضا ہے آرڈیننس کو lay کرنے کا یہ سینیٹ کے پہلے سیشن میں ہونا چاہیئے تھا آرڈیننس جاری ہونے کے فوراً بعد یعنی دستور یہ تقاضا کرتا ہے کہ جب بھی کوئی آرڈیننس جاری کیا جائے تو اس کے بعد وہ پہلے سیشن میں پہلے دن آ جائے لیکن پہلا سیشن جو ہے وہ ہوا بھی اور prorogue بھی ہوا اور اس میں ان کو انٹروڈیوس نہیں کیا گیا اور یہ اس کے بعد اب دوسرا سیشن ہے جو اب ہو رہا ہے اور اس سلسلے میں بروہی صاحب کی کتاب Fundamental Law of Pakistan سے میں آپ کو حوالہ دوں گا۔

**جناب قائم مقام چیئرمین:** پروفیسر صاحب اس دن شاید پرائیویٹ ممبرز ڈے تھا۔

**Mr. Aitzaz Ahsan:** Exactly, this is what I was going to say.

**Mr. Acting Chairman:** That day was a Private Members Day and Ordinances could not be laid on the Table of the House. on that day.

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** On point of order.

**Mr. Ahmedmian Soomro:** Mr. Chairman, for the sake of information, whether these have been laid before the National Assembly in which case they would be deemed to be the Bills introduced in the National Assembly?

**Mr. Aitzaz Ahsan:** Actually, under Article 89(2) if you read that Mr. Chairman, we are bound and enjoined by this clause to lay them before both the Houses. So, they have been laid.

Mr. Ahmedmian Soomro: I am not disputing that, Sir. Probably my learned friend has not got my point. My point is that under the same Article 3, when they are laid before the National Assembly, they are deemed to be Bills. So, for the sake of information I wanted to know whether they have been laid before the National Assembly and which of them because then they would be deemed to have been Bills introduced in the National Assembly.

Mr. Aitzaz Ahsan: All of them have been laid before the National Assembly.

Mr. Acting Chairman: Next item No. 3.

ADDRESS OF THE PRESIDENT — LAID

Mr. Aitzaz Ahsan: Sir, I beg leave to lay before the Senate a copy of the Address of the President of Pakistan under Article 56(3) of the Constitution made before the two Houses assembled together on the 14th December, 1988.

Mr. Acting Chairman: Copies stand laid.

Next item 4.

Mr. Javed Jabbar: Sir, on behalf of Kh. Ahmad Tariq Raheem, I beg to move the following motion:

"This House expresses its deep gratitude to the President of Pakistan for his Address before the two Houses assembled together on the 14th December, 1988".

Mr. Acting Chairman: It has been moved:

"This House expresses its deep gratitude to the President of Pakistan for his Address before the two Houses assembled together on the 14th December, 1988".

The motion is moved. Any objection or amendment?

Prof. Khurshid Ahmed: I will move amendment.

**Mr. Acting Chairman:** All right.

## Adjourn

**Mr. Acting Chairman:** The House is adjourned to meet again on Saturday, 24th December, 1988 at 5.30 p.m.

---

*[The House adjourned to meet again at five thirty of the clock in the evening on Saturday, December 24, 1988].*

---

PCPPK–Litho/2654(88-89)Senate–6-6-91–300.